www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
بااعتماد اشاعت کا ادارہ

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی رنگین روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

الٰہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | بتاریخ 17 رمضان 1447ھ بمطابق 07 مارچ 2026ء | صفحات 08 | شمارہ 243

PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqta2008@gmail.com | رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 35 روپے

آپریشن غضب للحق 1527 افغان طالبان اور خوارج ہلاک 755 سے زائد زخمی

دہشتگردوں کے ٹھکانے اور عسکری تنصیبات تباہ

فضائی کارروائیوں کے دوران افغانستان میں 62 مختلف مقامات کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا گیا، دشمن کی 237 چیک پوسٹیں تباہ کردیں جبکہ 38 چیک پوسٹوں پر قبضہ کرلیا گیا

205 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں اور آرٹلری گنز بھی تباہ، مقاصد کے حصول کے لیے کارروائیاں جاری ہیں، پیکیورٹی فورسز دشمن کے خلاف سوشر حکمت عملی کے ساتھ پیش قدمی کررہی ہیں، عطاء تارڑ

اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے بتایا کہ آپریشن غضب للحق میں کارروائیوں کے دوران افغان طالبان کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا، اب تک افغان طالبان آپریشن غضب للحق کی تازہ ترین صورتحال سے آگاہ کردیا۔ وفاقی وزیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات عطاء اللہ تارڑ نے

ایران سے پاکستانیوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری

کوارندید ان بارڈر سے مطابق 84 پاکستانی وطن پہنچ گئے، دوسری کوارندید ان بارڈر سے روزانہ بھاری جارہی ہے، کوارندید ان بارڈر کے ذریعے مشریوں کی واپسی کا سلسلہ پیلے عمل جاری ہے، پاکستانی کشیدہ کوریڈور کیلئے ہنگامی ایئر لائن کے ذریعے 19 مارچ تک فلائٹ آپریشن کی منصوبہ بندی کرلی، کراچی سے ملاسیہ کے مطابق پہلی ایئر لائن نے ہمسے 19 مارچ تک فلائٹ ہمسے پاکستان کے لیے ایئر پورٹس

تلخیص ایئر لائن نے پاکستان کیلئے پروازیں بحال کردیں

کراچی، لاہور اور اسلام آباد ایئر پورٹس پر گزشتہ روز سے پروازیں بحال

کراچی (نیوز رپورٹر) ایران میں پھنسے پاکستانیوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری ہے، گوادر کے ایئر پورٹ پر پہنچنے والے پاکستانیوں کی واپسی کا سلسلہ جاری ہے، پاکستانی کشیدہ کوریڈور کیلئے ہنگامی ایئر لائن نے

تہران، امریکہ اور اسرائیلی بمباری کے بعد عمارتوں سے آگ کے شعلے بلند ہورہے ہیں

حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل 55 روپے فی لیٹر مہنگا کردیا

پیٹرول کی نئی قیمت 321 روپے 17 پیسے اور ڈیزل کی نئی قیمت 335 روپے 86 پیسے فی لیٹر ہوگئی

عالمی مارکیٹ کی قیمتوں پر غور بھی کررہے، عوام پر کم سے کم بوجھ ڈالا، ہر ہفتے قیمتیں تبدیل ہوں گی، اسحاق ڈار

آئی ایم ایف نے بھی پاکستان سے عالمی قیمتوں کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل فوری مہنگا کرنے کا مطالبہ کیا تھا

اسلام آباد (شاکر رحمان) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی فی لیٹر قیمت 55-55 روپے بڑھانے کا اعلان رات 12 بجے سے شروع ہوگیا جبکہ ہر ہفتے قیمتوں میں ردوبدل ہو۔

تفصیل صفحہ نمبر 3 پر

جی ڈی اے کو ملکی طور پر خود مختار بنانا وقت کی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ

اتھارٹیز کا بنیادی مقصد اپنے وسائل میں اضافہ اور پائیدار ترقی کو یقینی بنانا ہونا چاہیے، ادارے وسائل پیدا کرنے کی صلاحیت پیدا کریں

پی ڈی اے کی سالانہ آمدن 7 کروڑ اخراجات 87 کروڑ ہونا تشویشناک ہے، فوری اصلاحات ناگزیر ہیں، سرفراز بگٹی کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے

کوئٹہ: ایم پی اے ہاسٹل کے احاطے میں ایم پی اے ہاسٹل کے نگران ڈاکٹر محمد نعیم کھوسہ سے ملاقات کررہے ہیں

ایران کے کویت میں امریکی فوجی اڈوں پر حملے، ایرانی فورسز تھیٹر ڈال دیں تو مذاکرات ہونگے، ٹرمپ، روس ایران کی مدد کر رہا ہے، امریکی اخبار

ایران پر قیامت خیز بمباری، تہران کا خیبر شکن میزائلوں سے جواب

لبنان پر اسرائیلی حملوں میں 123 شہادتیں

تہران، شیراز اور اصفہان میں زبردست دھماکے، امریکی بمبار طیاروں نے گہرائی میں نصب ایرانی بیلسٹک میزائل لانچرز کو نشانہ بناتے ہوئے درجنوں طاقتور پینیٹریٹر بم گرائے

اسرائیلی فوج نے حملوں میں حزب اللہ کے ٹھکانوں، ڈرون گوداموں اور تنظیم کے ہیڈ کوارٹر کو نشانہ بنایا، حزب اللہ کے میزائل حملے میں اسرائیلی وزیر خزانہ کے بیٹے سمیت 8 فوجی شدید زخمی

ایران میں امریکی فوجی جیسینے کا کوئی منصوبہ زیر غور نہیں، ایران کو جنگ میں بھاری نقصان اٹھانا پڑا اس نے اپنی بحریہ سمیت بہت کچھ کھویا، ایران غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈال دے، امریکی صدر

امریکا کے ساتھ کسی بھی قسم کے مذاکرات نہیں کرنا چاہتے، ایرانی وزیر خارجہ، چند ممالک نے ثالثی کی کوششیں شروع کردی ہیں مگر قومی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ایرانی صدر

واشنگٹن، تہران (مہ) امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر جاری جنگ کے ساتویں روز دارالحکومت تہران پر شدید فضائی بمباری کی گئی، تئیسے حالیہ دنوں میں سب سے زیادہ شدید حملے قرار دیا جارہا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق رات بھر تہران کے مختلف علاقوں میں زوردار دھماکے سنے گئے اور کئی مقامات سے دھوئیں کے بادل اٹھتے

وڈیرا حلیم بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو پشتون پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک البلوچ کتب کا تحفہ پیش کررہے ہیں

پاکستان کے ہاتھوں رسوائی چھپانے کیلئے افغان میڈیا پر پابندیاں

طالبان کی فوجی تنصیبات پر حملوں سے متعلق کوئی خبر شائع یا نشر کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) افغان طالبان رژیم نے آپریشن غضب للحق میں پاکستان کے ہاتھوں رسوائی کو چھپانے کیلئے میڈیا پر دباؤ اور پابندیاں بڑھا دیں، افغان میڈیا آؤٹ لیٹ کی وی کے مطابق افغان طالبان کی مخالف فضائی کارروائیوں کے بعد طالبان نے متاثی..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایم پی اے ہاسٹل کے احاطے میں ایم پی اے ہاسٹل کے نگران ڈاکٹر محمد نعیم کھوسہ سے ملاقات کررہے ہیں

یفیشیئنٹ عصمت بنگلوئی کی قربانی یاد رکھی جائیگی، وزیراعلیٰ

شہید کو ملنے جو صلے ہر خراج عقیدت پیش، سرفراز بگٹی کی اظہار سے تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وطن عزیز کی حفاظت کے دوران جان کی قربانی دینے والے شہید کیپٹن عصمت اللہ شنگوئی کے والد خانہ سے ملاقات کی اور شہید کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ تفصیل صفحہ نمبر 2 پر

سپلائی بحال نہ ہوئی تو ملک بھر میں پیٹرول پمپس بند ہوجائینگے، پیٹرولیم ڈیلرز

پمپوں کو پیٹرول کی سپلائی 50 فیصد تک کم کرنے اور ڈیزل کی فراہمی معمول سے صرف 20 فیصد رہ گئی ہے

معائنے کے نام پر پمپوں کو نشانہ بنایا جارہا، کئی کمپنیوں نے پیٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی شروع کردی ہے

عوام کی طلب پوری کرنے میں ناکامی پر ریٹیل آؤٹ لیٹس کو پیٹرول کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، چیئرمین عرفان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے ملک بھر میں پیٹرول پمپس بند ہونے کا انتباہ کیا ہے، اگر سپلائی بحال نہ ہوئی تو پمپس بند ہوجائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق

پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عرفان

پمپوں کو پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی میں کمی کا نوٹس جاری کیا گیا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی میں کمی کے باعث پمپوں پر شدید مشکلات پیدا ہوگئی ہیں۔ تفصیل صفحہ نمبر 2 پر

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے تاریخی

رمضان ریلیف پیکج کامیابی سے جاری

رمضان آیا۔ برکتیں لایا

مستحقین تک مالی امداد کی بلا تاخیر ترسیل یقینی بنانے کیلئے ہفتہ اور اتوار کو بھی رقوم کی فراہمی جاری رہے گی

رقوم کی منتقلی اور غریبی بینکی کی معلومات صرف

ہیلپ لائن 9999 سے بھیجی جائینگی

PID (I) 7319-D/25

38 ارب روپے ڈیجیٹل والٹ اور بینک اکاؤنٹ کے ذریعے

ایک کروڑ 21 لاکھ مستحق خاندانوں کیلئے شفافیت، عزت اور احترام کے ساتھ

28 ارب روپے سے | 13000 روپے فی خاندان امدادی رقم | ان 21 لاکھ مستحق خاندانوں کیلئے جو کسی حکومتی کفالت پروگرام کا حصہ نہیں

10 ارب روپے کا اضافی وظیفہ | ایک کروڑ مستحق خاندانوں کیلئے ماہ رمضان کے دوران | جو وفاقی حکومت کے کفالت پروگرام کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں

مجموعی طور پر 6 کروڑ سے زائد پاکستانی مستفید

SCAN TO VERIFY ELIGIBILITY ONLINE

www.pmrrp.nitb.gov.pk

وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان

/GovtofPakistan | govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofPak | www.moib.gov.pk

زوب بائی پاس وفاقی حکومت کا اہم ترقیاتی منصوبہ ہے، گورنر

کوئٹہ کو کراچی قومی شاہراہ کے بعد کوئٹہ تفتان دوسرا بڑا صوبہ ہے اس اہم ترقیاتی منصوبے کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے

گورنر بلوچستان مندوخیل سے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران ملاقات کررہے ہیں

پاکستان کو بورڈ آف پیس سے علیحدہ ہوجانا چاہیے، شیخ وقاص

افغانستان جنگ ہو یا بیرونی مداخلت، پاکستان کے مفاد پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما

تفصیل صفحہ نمبر 14 پر

ایران جنگ، تفتان میں ایدھی فاؤنڈیشن کا سنٹر قائم

زائرین کی پاکستان آمد پر فری سروس فراہم کی جارہی ہے، فیصل ایدھی

تفتان (مہ) ایران جنگ کے پیش نظر ایدھی فاؤنڈیشن

تفصیل صفحہ نمبر 18 پر

پیٹرولیم مصنوعات کا مناسب ذخیرہ موجود ہے، وزیراعظم کو بریفنگ

پٹرول ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کریں، وزیراعظم شہباز شریف

جوپ سے مصنوعی قلت کے مکروہ دھندے میں ملوث ہونے والا نہیں منسوخ کیا جائے، اجلاس

شہباز شریف نے صوبائی حکومتوں کو ہدایت دی کہ پٹرولیم مصنوعات کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کریں، جو بھی پٹرول پمپ مناسب ذخیرہ موجود ہے بغیر وزیراعظم

تفصیل صفحہ نمبر 10 پر

ایران کیخلاف جنگ، امریکا کو اضافی فنڈز کی ضرورت پڑ گئی

100 گھنٹوں میں ہی تقریباً 3.7 ارب ڈالر بارود کی نذر ہوگئے

واشنگٹن (مہ) ایران کے خلاف جنگ امریکا کے لیے بہت بھاری پڑ رہی ہے جبکہ ابتدائی 100 گھنٹوں میں ہی تقریباً 3.7 ارب ڈالر بارود کی

تفصیل صفحہ نمبر 11 پر

اسرائیلی کا سپریم لیڈر کے قریبی ساتھی کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

اسرائیلی کا سپریم لیڈر کے قریبی ساتھی کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

پاکستانی شہریوں کی واپسی کیلئے ایران سے مزید 2 پروازیں آج روانہ ہوں گی

ایران سے 400 پاکستانی شہری واپس آئیں گے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ایران سے مزید 400 پاکستانی شہری آج واپس آئیں گے، ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے بتایا کہ ایران سے 2 پروازیں آج روانہ ہوں گی، ایران سے پاکستانی شہریوں کی واپسی کا سلسلہ جاری ہے، ایران سے 2 پروازیں کل روانہ ہوئی تھیں، ایران سے پاکستانی شہریوں کی واپسی کا سلسلہ جاری ہے

رواداری تحریک کا بین المذاہب افطار، عالمی رہنماؤں سے جنگوں کے خاتمے کا مطالبہ

رواداری تحریک پاکستان کے زیر اہتمام 6 مارچ کو نیشنل کونسل آف چرچز لاہور کے احاطے میں سالانہ بین المذاہب افطار کا اہتمام کیا گیا

مقصد ماہ رمضان اور لینٹ سیزن کی روحانی برکتوں کو مشترکہ طور پر منانا، بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی احترام اور امن کے پیغام کو فروغ دینا تھا

رواداری تحریک مختلف مذاہب، قومیتوں اور ثقافتوں کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کر رہی ہے، چیئرمین رواداری تحریک سمسن سلامت

لاہور (پ ر) رواداری تحریک پاکستان کے زیر اہتمام 6 مارچ 2026 کو نیشنل کونسل آف چرچز لاہور کے احاطے میں سالانہ بین المذاہب افطار کا اہتمام کیا گیا، جس کا مقصد ماہ رمضان اور لینٹ سیزن کی روحانی برکتوں کو مشترکہ طور پر منانا اور مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان ہم آہنگی، باہمی احترام اور امن کے پیغام کو فروغ دینا تھا۔ ... رواداری تحریک ہر سال اس نوعیت کی تقریبات کا اہتمام کرتی ہے تاکہ مختلف مذاہب اور عقائد کے درمیان فاصلے کم کیے جا سکیں اور مذہب کے نام پر نفرت، انتہا پسندی اور تشدد پھیلانے والے عناصر کے خلاف عوامی یکجہتی کو فروغ دیا جا سکے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رواداری تحریک کے چیئرمین سمسن سلامت نے کہا ... اور معاشروں پر گہرے نقوش چھوڑ رہے ہیں۔ رواداری تحریک نے عالمی قیادت سے زور دیا کہ وہ تشدد اور تباہی کے بجائے مکالمے، امن اور انصاف کا راستہ اختیار کریں۔ اپیل میں کہا گیا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہتھیاروں کی آواز کو خاموش کر کے مظلوموں کی آواز کو بلند کیا جائے، انسانی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے ...

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی شہید لیفٹیننٹ عصمت منگول کے بھائی سے بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی ٹیم نے مختلف طبی مراکز کا معائنہ کیا

ایس او پیز / قوانین کی خلاف ورزیوں پر ایک لیبارٹری اور ایک جی پی کلینک سیل

دو جنرل پریکٹیشنر کلینکس کو جرمانے، تین کو انتباہی نوٹسز جاری، ڈاکٹر بسم اللہ کاکڑ

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن (بی ایچ سی سی) کی انسپکشن ٹیم نے صحت کے معیار کو یقینی بنانے اور عطائیت کے خاتمے کیلئے سریاب روڈ کوئٹہ میں مختلف طبی مراکز کا معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران سنگین خلاف ورزیوں پر ایک لیبارٹری ... بنائیں اور لائسنسنگ سے متعلق تمام قواعد و ضوابط پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے کہا ہے کہ عوام کو معیاری اور محفوظ طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے صوبے بھر میں انسپکشن کا سلسلہ جاری رہے گا اور قواعد کی خلاف ورزی ...

... صوبائی نائب صدر کمانڈر عبدالناصر بڑیچ نے کہا ہے کہ قوم کے نام ولولہ انگیز پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی قوم کی اصل طاقت اس کا نظریہ اور اپنی مٹی سے وفاداری ہے۔ کمانڈر عبدالناصر بڑیچ نے کہا کہ "الحمدللہ! ہم ایک غیور پاکستانی مسلمان قوم ہیں۔ ہمیں اپنے دین مبین اسلام پر بھی فخر ہے اور اپنے عظیم وطن پاکستان پر بھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس ملک کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے اور یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم ان نعمتوں کی قدر کریں۔" پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ "پاکستان کا ایٹمی طاقت بننا ہماری قوم کے پختہ عزم اور بے مثال قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ یہ وہ اعزاز ہے جو ہمیں دنیا بھر میں ممتاز کرتا ہے اور دشمن کے عزائم کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند ہے۔ قوت کا سرچشمہ ایمان، اتحاد اور یقین" انہوں نے مزید زور دیتے ہوئے کہا کہ ہماری بقا اور سلامتی کا راز ان سنہری اصولوں میں پوشیدہ ہے۔ پہچان ہماری بنیادی پہچان "لا الٰہ الا اللہ" ہے۔ طاقت ہمارا ایمان، ہمارا ...

بلوچی، پشتو اور براہوی اکیڈمیز کا مشترکہ اجلاس، نئی قانون سازی پر اعتراضات

ادبی منظر نامہ

... اکادمی ادبیات پاکستان، مقتدرہ اردو، اقبال اکیڈمی اور اردو سائنس بورڈ کو حائر ایجوکیشن کمیشن کے تحت چلانے کی بازگشت ابھی تھمی نہ تھی کہ بلوچستان میں علم و ادب اور یہاں کی لسانی ترقی و ترویج میں کوشاں بلوچی اکیڈمی سمیت پشتو اور براہوی اکیڈمیوں کو مجوزہ بل بلوچستان ریجنل لینگویجز اکیڈمیز اینڈ لٹریری سوسائٹیز سال 2025، کے ذریعے صوبائی حکومت کی تحویل میں دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس صورت حال پر بلوچستان کی ادبی تنظیموں کا شدید ردعمل ... سے اپنی زبان، ادب اور ثقافت کی ترقی و ترویج کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں۔ اگر ان اداروں کو سرکاری تحویل میں لینے کی کوشش کی گئی تو یہ زبان و ادب کی دشمنی کے مترادف ہوگی۔ پروفیسر ڈاکٹر سوسن براہوئی نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور بلوچستان کابینہ وزراء سے مطالبہ کیا کہ اس بل کو واپس لیا جائے۔ بلوچی، پشتو اور ہزارگی اکیڈمیوں کے ایک نمائندہ وفد نے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی اور انہیں مجوزہ "بلوچستان ریجنل لینگویجز اکیڈمیز اینڈ لٹریری سوسائٹیز بل 2025" کے حوالے سے اپنے تحفظات سے آگاہ کیا۔ دوران گفتگو گورنر بلوچستان نے اس بل پر اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان اکیڈمیوں کی اصل خودمختاری اور ... زبان و ادب کا فروغ ان کی خود مختاری ...

... گروار ہا ہے۔ چیئرمین براہوی اکیڈمی پروفیسر ڈاکٹر سوسن براہوئی نے اس بل کے بارے میں اپنے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ زبانوں کی ترقی و ترویج کے لیے ادبی و تحقیقی اداروں کی آزادانہ حیثیت کو ختم کرنے کی پالیسی قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا بلوچی، براہوی اور پشتو اکیڈمیز بشمول دیگر ادبی اداروں کے کئی صدیوں ... کے خلاف آواز بلند کی جائے اور اسے ایکٹ کی شکل میں نافذ کرنے سے گریز کیا جائے۔ ادبی اداروں کے وفد میں چیئرمین براہوی اکیڈمی پروفیسر ڈاکٹر سوسن براہوئی، چیئرمین بلوچی اکیڈمی بلوچستان عمر بلوچ اور ہزارگی اکیڈمی کے چیئرمین احمد علی بیگ ہزارہ اور پشتو اکیڈمی کے جنرل سیکرٹری نقیب اللہ احساس کاکڑ شامل تھے۔

مستحقین میں راشن کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے

... مطابق مستحق اور نادار طبقات کی مدد حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں حکومت بلوچستان کی جانب سے یہ اقدام ضرورت مند خاندانوں کے لیے ایک اہم سہارا ثابت ہو رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مستحقین تک امدادی فراہمی کا عمل شفافیت، نظم و ضبط اور میرٹ کی بنیاد پر جاری رکھا جائے گا۔

وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ بیوٹمز کے 29 ویں اکیڈمک کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین عمران خان جلد عوام کے درمیان ہوں گے، رحیم کاکڑ

بے گناہ جیلوں میں ڈالنے والوں کا "روز حساب" قریب آ چکا ہے، سابق میئر

ان جھگڑوں اور ملک لوٹنے والوں کو اب فرار کا کوئی راستہ نہیں ملے گا، سردار حسن شاہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنماؤں اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، امین آغا، ارشد اچکزئی، توقیر بگٹی، ضیاء الحق، نعمت اللہ، سردار بہلول اور سردار احمد نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بہت جلد چیئرمین عمران خان عوام کے ... راستہ نہیں ملے گا۔ رہنماؤں نے کہا کہ چیئرمین عمران خان اور شاہ محمود قریشی سمیت تمام رہنماؤں کی رہائی کے بعد پارٹی کی تنظیم نو کا عمل شروع ہوگا، جس سے تنظیم کے اندر موجود خامیاں دور ہوں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی جماعت ہے اور موجودہ حالات میں پارٹی ورکروں پر درج بوگس ایف ...

رواداری تحریک پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ بین المذاہب افطاری کا منظر جبکہ انسیٹ میں چیئرمین سمسن سلامت شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

بجلی کی فراہمی معطل رہے گی

... 7 اور 8 مارچ کو (روزانہ) صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک خضدار گرڈ اسٹیشن سے منسلک 33kv گریشہ جبکہ 11kv خیرو دوشی، بیچ مری، کھوری فیڈروں بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں عارضی بجلی بندش پر متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو پاسپورٹ فراہم

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد اکبر کو ان کا پاسپورٹ دلوا دیا گیا۔ درخواست گزار محمد اکبر نے بتایا کہ وہ عرصہ دراز سے پاسپورٹ کے حصول کے لیے متعدد بار پاسپورٹ آفس کے چکر کاٹ چکے ہیں۔ اور تمام کاغذات / ریکارڈ مکمل ہونے کے باوجود اسے پاسپورٹ فراہم نہیں کیا جا رہا تھا۔ بالآخر مجبور ہو کر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔

نواں کلی میں ڈکیتی کی وارداتیں تشویشناک ہیں، ایڈووکیٹ فرید افغان

مسلسل ڈکیتیوں کے واقعات کے باوجود موثر اقدامات نہیں کیے گئے، چیئرمین تکتو ٹاؤن

نواں کلی کے عوام کو پولیس کی نااہلی کے باعث ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی رہنما اور تکتو ٹاؤن کے چیئرمین ایڈووکیٹ فرید افغان نے اپنے ایک بیان میں تکتو ٹاؤن کے علاقے نیو کوئٹہ سٹی (نواں کلی) میں پے در پے ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران دو نوجوانوں ... نوجوان اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ فرید افغان نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ان واقعات پر خاموش تماشائی نہیں بن سکتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس معاملے پر پولیس کی اعلیٰ قیادت سے رابطہ کیا جائے گا اور بالخصوص گورنر بلوچستان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان ... کہ نواں کلی کے عوام کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ فرید افغان نے ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ سے مطالبہ کیا کہ شہید ہونے والے نوجوانوں کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کا سدباب ہو سکے۔

بی ٹی بی نے پاکستان کا پہلا اے آئی اور روبوٹکس نصاب متعارف کروا دیا

چیئرمین ڈاکٹر گلاب خان خلجی کے ایک تاریخی فیصلے نے پاکستان کے پہلے مصنوعی ذہانت اور روبوٹکس نصاب کی راہ ہموار کی ہے

یہ انقلابی کتابیں قومی نصاب 2026 کے مطابق تیار کی گئی ہیں اور بلوچستان کی تعلیم میں انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نے تعلیمی میدان میں اپنی قائدانہ حیثیت ثابت کرتے ہوئے، پاکستان کا پہلا اے آئی اور روبوٹکس نصاب متعارف کروا دیا، جو قومی نصاب 2026 کے معیارات کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر گلاب خان ... بلوچستان کے طلباء کو مصنوعی ذہانت اور روبوٹکس کے انقلابی شعبوں میں مشغول ہونے کا موقع فراہم کرے گا۔ ڈاکٹر گلاب خان خلجی نے اس اقدام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا، "یہ ضروری ہے کہ ہمارے طلباء، خاص طور پر دیہی علاقوں کے بچے، جدید ترین علم سے آراستہ ہوں۔ اے آئی اور ... وہ تمام وسائل اور توجہ ملے جوان کا حق ہے۔ اس نصاب کا آغاز وزیر اعلیٰ میر سردار سرفراز بگٹی کی شاندار بصیرت کی عکاسی بھی کرتا ہے، جنہوں نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی میں تعلیم کو بنیادی ستون کے طور پر ترجیح دی ہے۔ ان کا مفصل طریقہ کار اور صوبے بھر میں تعلیم کو بہتر بنانے ...

پارٹی قیادت کا شفیق مینگل پر اعتماد خوش آئند ہے، ملک ذیشان حسین

این اے 256 خضدار میں پیپلز پارٹی بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی

... صوبائی رہنما و سابق صوبائی ڈپٹی اطلاعات سیکرٹری ملک ذیشان حسین نے حلقہ این اے 256 خضدار کے لیے میر شفیق الرحمن مینگل کو پاکستان پیپلز پارٹی کا پارٹی ٹکٹ ملنے اور پارٹی میں شمولیت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ پارٹی کی مرکزی قیادت کے میر شفیق الرحمن مینگل پر بھرپور اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان جناب آصف علی زرداری اور ... کی مدبرانہ قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی عوامی خدمت، جمہوریت کے استحکام اور ترقی کے سفر کو مزید تیزی کے ساتھ آگے بڑھا رہی ہے۔ ملک ذیشان حسین نے کہا کہ میر شفیق الرحمن مینگل ایک متحرک، باصلاحیت اور عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ سیاسی شخصیت ہیں۔ انہیں پارٹی ٹکٹ دینا اس بات کی دلیل ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی حقیقی نمائندگی پر یقین رکھتی ہے۔

طیب لہڑی نے اپنے سروس میں صوبے کی خدمت کی، فاروق ترین

کوئٹہ (اے این این) سیکرٹری لائیو اسٹاک بلوچستان محمد طیب لہڑی کی ریٹائرمنٹ کے حوالے سے ڈی جی محمد فاروق ترین کی جانب سے الوداعی تقریب و افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خاص (صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان جناب سردار زادہ فیصل خان جمالی تھے) تقریب سے مہمان خاص صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محمد طیب لہڑی نے محکمہ میں دیانتداری اور خوش اسلوبی سے فرائض ...

محکمہ تعلیم ضلع قلعہ سیف اللہ میں تعیناتیاں خالصتاً میرٹ پر ہوئی ہیں

تمام مرد و خواتین امیدواروں کو بلا امتیاز و یکساں موقع فراہم کیا گیا، حیات اللہ خان کاکڑ

وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے محکمہ تعلیم میں میرٹ کو یقینی بنایا، رکن صوبائی کونسل پی پی پی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے ایک پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی نے حال ہی میں محکمہ تعلیم ... سے ہے، جس سے علاقے میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے کہا کہ وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی ایک معزز اور باوقار خاندان سے تعلق رکھتی ہیں اور انہوں نے محکمہ تعلیم بلوچستان میں میرٹ کو ہر صورت برقرار رکھا ...

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

یونیورسٹی اساتذہ کی بائیو میٹرک حاضری مضحکہ خیز ہے، اے ایس اے

سینکڑوں اساتذہ کو بیک وقت میں ایک ہی جگہ پر کھڑا کرنا سکیورٹی رسک ثابت ہو سکتا ہے

جامعہ بلوچستان کے سنڈیکیٹ کے فیصلے کے مطابق حاضری کے طریقہ کار کو جاری رکھا جائے

ڈی جی ایف سی بلوچستان نارتھ میجر جنرل ... ہزارہ کی موجودگی میں ایف سی کے افسران کو ٹریننگ مکمل کرنے والے دیہاتوں میں تعریفی اسناد تقسیم کر رہے ہیں

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی جامعہ کے تمام چیئرمینز اور ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جامعہ بلوچستان میں نئے تعلیمی سال کے آغاز پر اعلیٰ سطحی اجلاس

جملہ تعلیمی سرگرمیوں، انتظامی امور اور اساتذہ و عملے کی حاضری کا جائزہ لیا گیا

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کا عمال کو عزم نو کیساتھ آگے بڑھنے کی ہدایت

کوئٹہ (اے پی پی) جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی زیر صدارت سنڈیکیٹ ہال میں جامعہ کے تمام چیئرمینز اور ڈائریکٹرز کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ... اساتذہ و ملازمین کی حاضری کو باقاعدہ بنانے اور مختلف شعبہ جات میں موثر چیک اینڈ بیلنس کے انتظام کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر مختلف شعبہ جات کے چیئرمینز، ڈائریکٹرز اور ... وائس چانسلر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جامعہ بلوچستان میں نئے تعلیمی سال 2026 کو منظم اور موثر انداز میں شروع کیا جائے گا تاکہ طلبہ کو معیاری تعلیم اور بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے۔

نواب زہری اور نوابزادہ کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے الگ الگ تعزیتی بیان میں صوبائی مشیر کھیل مینا مجید کے والد کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ...

زرک خان مندوخیل کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے ایم پی اے زرک خان مندوخیل نے محمد ایوب قریشی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر عظیم عطا فرمائے۔

یہود و نصاریٰ کبھی مسلمانوں کے دوست نہیں، دشمن ہیں، مولانا محمد شفیق

... ہیں۔ امریکہ، بھارت، اسرائیل اپنے متحدہ سازشوں سے جو بھی مسلمان ملک کے سربراہوں پر دن دیہاڑے حملے کر کے شہید کریں گے۔ یہود و نصاریٰ کو ہرگز مسلمانوں کے دوست نہیں بلکہ دشمن ہیں۔

قلعہ عبداللہ۔ افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان محمد عیسیٰ کاکوزئی کے انتقال پر فاتحہ پڑھ رہے ہیں

ضرورت برائے سیکورٹی گارڈ

اہلیت کا معیار

درخواست دینے کا طریقہ

03082095497

مراعات

اشتہار برائے بھرتی

سیریل نمبر	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر	12	05	الف۔ کسی مستند ادارے سے FSc سیکنڈ کلاس۔ کمپیوٹر سائنس میں ڈپلومہ۔ ب۔ انگلش و اردو میں 60 الفاظ فی منٹ کمپیوٹر پر ٹائپنگ جانتا ہو۔
2	اکاؤنٹس کلرک	11	13	کسی مستند یونیورسٹی سے B.com سیکنڈ ڈگری یافتہ
3	جونیئر کلرک	11	4	

شرائط و ضروری ہدایات

PRQ No 4078/06-03-2026

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

TENDER NOTICE

Provisioning of IT Equipment (PC & Servers), Fire Safety, Solar & Genset, Video Wall, Networking and Electronics for PPHI Balochistan

PPHI-B/H.O.BLN/2026/02/(IT)

Lot No	Description	Tender Fee	Closing / Opening Date & Time
01	PCs and Printers	Rs.2000/-	Pre Bid Meeting: 12th March, 2026 & Time 01:00 PM Bid Submission: 27th March, 2026 & Time 11:30 AM directly submitted to the Head Office, PPHI-Balochistan Technical Opening: 27th March 2026 & Time 12:30 PM Financial Opening: Date will be Communicated after Technical Assessment
02	Servers and Smart Rack	Rs.2000/-	
03	Active Network Equipment	Rs.2000/-	
04	Passive Network Equipment	Rs.2000/-	
05	Electronics HVAC	Rs.2000/-	
06	OEM Video Wall	Rs.2000/-	
07	60 kW solar and 100kVA Genset	Rs.2000/-	
08	Fire Detection and Control	Rs.2000/-	

Invites tender from FBR/BRA active filers (companies/firms) Tender fee (non-refundable) for each LOT in the form of pay Orders/ Demand Draft in favor of People's Primary Healthcare Initiative – Balochistan. Tender Documents with detail of required work can be downloaded from PPHI-Balochistan website at http://pphib.org/pphi-b/tenders.

- Proposal should clearly be marked with the Lot# and Description
- Proposal for Each Lot must be submitted separately with separate Tender Fee.
- Each Proposal must contain Technical and Financial bids in separate envelops.
- Financial Proposal for each must be accompanied by Bid security of 2% in shape of Call Deposit in favor of People's Primary Healthcare Initiative Balochistan.
- The bid must be delivered containing technical (along with company profile) and financial proposals to Manager Admin PPHI-Balochistan Head Office, Quetta

MANAGER ADMIN
PPHI - BALOCHISTAN. TEL: 081-2863620 FAX: 081-2863642

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

TENDER NOTICE

Provisioning of Satellite enabled Digital Health Solution for establishment of 150 Telehealth Centers and Integration with Command & Resource Center for PPHI, Balochistan

PPHI-B/H.O BLN/2026/01/PPHI– T.H/01

S. No	Description	Tender Fee	Closing / Opening Date & Time
01	Satellite Based Telehealth Terminals and Command Center Integration	Rs.2000/-	Pre Bid Meeting: 11th March, 2026 & Time 11:00 AM Bid Submission: 26th March, 2026 & Time 11:00 AM directly submitted to the Head Office, PPHI-Balochistan Technical Opening: 26th March 2026 & Time 11:30 AM Financial Opening: Date will be Communicated after Technical Assessment

- Invites tender from FBR/BRA active filers (companies/firms)
- Tender fee (non-refundable) in the form of Pay Orders/ Demand Draft in favor of People's Primary Healthcare Initiative – Balochistan.
- Tender Documents with detail of required work can be downloaded from PPHI-Balochistan website at http://pphib.org/pphi-b/tenders.
- Each Proposal must contain Technical and Financial bids in separate envelops.
- Financial Proposal for each must be accompanied by Bid security of 2% in shape of Call Deposit in favor of People's Primary Healthcare Initiative Balochistan.
- The bid must be delivered containing technical (along with company profile) and financial proposals to Manager Admin PPHI-Balochistan Head Office, Quetta.

MANAGER ADMIN
PPHI - BALOCHISTAN. TEL: 081-2863620 FAX: 081-2863642

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ وحب

ڈسکوز کی نجکاری میں شفافیت کو ترجیح دی جائیگی، اویس لغاری

پاکستان بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری میں تجربہ کار عالمی سرمایہ کاروں کی شمولیت کا خواہشمند ہے، وفاقی وزیر توانائی

توانائی کے شعبے میں وسیع تجربہ رکھنے والی ترک کمپنیوں کی شرکت نہایت اہم ثابت ہو سکتی ہے، ترک وزیر سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی ترکی کے وزیر توانائی و قدرتی وسائل الپ ارسلان بیرکتار سے آن لائن ملاقات ہوئی، جس میں توانائی کے شعبے میں دو طرفہ تعاون کے فروغ، بالخصوص بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر اویس لغاری نے ترک ہم منصب کو پاکستان کے پاور سیکٹر میں جاری اصلاحات اور ادارہ جاتی بہتری کے اقدامات سے آگاہ کیا علاوہ ازیں بتایا کہ پاکستان ڈسکوز کی نجکاری میں تجربہ کار عالمی سرمایہ کاروں کی شمولیت کا خواہشمند ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت پاکستان بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کے عمل کو شفاف، مسابقتی اور موثر انداز میں آگے بڑھا رہی ہے اور اس سلسلے میں تجربہ کار عالمی سرمایہ کاروں کی شرکت کو انتہائی اہمیت حاصل ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ڈسکوز کی نجکاری کے عمل میں تجربہ کار عالمی سرمایہ کاروں کی شمولیت کا خواہاں ہے اور اس ضمن میں توانائی کے شعبے میں وسیع تجربہ رکھنے والی ترک کمپنیوں کی شرکت نہایت اہم ثابت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے نجکاری کے عمل میں دونوں ممالک کے متعلقہ اداروں اور ماہرین کے درمیان قریبی تعاون کو سراہتے ہوئے اس سلسلے میں ترک حکومت کے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ترک وزیر توانائی الپ ارسلان بیرکتار نے کہا کہ ترک سرمایہ کار پاکستان کے پاور سیکٹر کی نجکاری کے عمل کو گہری دلچسپی سے دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ترک سرمایہ کار پاکستان کے پاور سیکٹر کی نجکاری میں مناسب سطح پر شرکت کریں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ ترکی پاکستان کے پاور سیکٹر کی نجکاری کے عمل میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔ ملاقات کے دوران اس امر پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کہ پاکستان کے متعلقہ نمائندوں اور ترک سرمایہ کاروں کو ایک مشترکہ فورم پر اکٹھا کیا جائے تاکہ سرمایہ کاری کے مواقع اور ممکنہ شراکت داری کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر حمید خان درانی ملاقات کر رہی ہیں

ایل پی جی اسٹیشنز کو فعال بنایا جائے گا، ڈی سی گوادر

گوادر (رپورٹ) ڈپٹی کمشنر گوادر ... ملاقات کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر شکور احمد بھی موجود تھے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر اوگرا خصوصی طور پر گوادر پہنچے تاکہ ایل پی جی گیس کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ حکام کے ساتھ تفصیلی مشاورت کریں۔ ملاقات کے دوران ایل پی جی کی ترسیل، حفاظتی اقدامات، لائسنسنگ اور عوام کو درپیش مشکلات سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا

راولپنڈی: فائرنگ تبادلہ کے بعد ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

ساتھی فرار ہونے میں کامیاب، مسروقہ موٹرسائیکل و اسلحہ برآمد

زیارت: ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی اسکول داخلہ مہم کے سلسلے میں میڈیا کو پریس بریفنگ دے رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں کی کڑی نگرانی جاری ہے، ڈی سی زیارت

زیارت (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے آج بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت جاری سکیم ڈی ایچ کیو ہسپتال کی مرمت کا وزٹ ...

یوسی کمبیلا، نواح میں گیس بحال کی جائے، ڈاکٹر طارق

رمضان میں گیس کی عدم دستیابی سے عوام مشکلات کا شکار ہیں، بیان

آر او دفتر میں آگ لگنا عوامی مینڈیٹ پر کھلا حملہ ہے، ثمینہ ممتاز

عمارت میں صرف اسی دفتر کا جل جانا جہاں انتخابی مواد محفوظ تھا کوئی اتفاق نہیں ہو سکتا، واقعہ ایک منظم سازش کا تاثر دیتا ہے

ایس پی حب کا تبادلہ، من پسند ایس ایس پی کی تعیناتی اور سوک سینٹر کو نو گو ایریا قرار دینے والا معاملہ مشکوک ہے، سینیٹر کا بیان

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن ثمینہ ممتاز زہری نے پی بی-21 حب کی نشست کے حوالے سے آر او دفتر میں آگ لگنے اور ووٹوں کے جل جانے کے افسوسناک واقعے پر شدید ردعمل دیتے ہوئے اسے جمہوری اقدار، آئین و قانون اور عوامی مینڈیٹ پر کھلا حملہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک وسیع و عریض عمارت میں محض اسی دفتر کا جل جانا جہاں انتخابی مواد محفوظ رکھا گیا تھا، کسی صورت سادہ اتفاق نہیں ہو سکتا بلکہ یہ ایک منظم سازش کا تاثر دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ آئین اور قانون کی حکمرانی کے لیے جدوجہد کی ہے اور ہر فورم پر عوام کے حقوق کا دفاع کیا ہے۔ بلوچستان پاکستان کی عزت اور وقار کی علامت ہے، اس کے عوام بہادر اور محب وطن ہیں اور اس سرزمین نے ملک کی سالمیت کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ ایسے صوبے میں اگر عوام کے ووٹ ہی محفوظ نہ رہیں تو یہ صرف ایک انتظامی ناکامی نہیں بلکہ جمہوری نظام پر کاری ضرب ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ چند روز قبل انہوں نے میرٹ، انصاف اور عوامی مینڈیٹ کے احترام پر مبنی تفصیلی بیان دیا تھا۔ انہوں نے اس امر کو بھی تسلیم کیا تھا کہ ان کے شوہر میر علی حسن زہری کی جانب سے غصے میں کہے گئے بعض الفاظ مناسب نہیں تھے، تاہم ان کے جذبات کی بنیاد حب کے وہ نوجوان تھے جو میرٹ پر روزگار کے حقدار ہیں اور جنہیں باعزت روزگار کی فراہمی مقصد تھا، نہ کہ کسی ذاتی مفاد کا حصول۔ انہوں نے کہا کہ پی بی-21 حب کی نشست پر مسلسل تیسری بار ری کاؤنٹنگ ہوئی اور ہر مرتبہ نتیجہ ایک ہی آیا۔ عوام نے واضح طور پر میر علی حسن زہری کے حق میں فیصلہ دیا، مگر حیران کن طور پر اسی آر او دفتر میں آگ لگ گئی جہاں ووٹ محفوظ تھے اور تمام انتخابی مواد جل کر خاکستر ہو گیا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر کیوں ہر وہ قدم جو عوامی فیصلے کو تقویت دیتا ہے، اسے متنازع بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے؟ انہوں نے مزید کہا کہ پہلے ریٹرننگ افسر کو عین اس وقت معطل کیا گیا جب وہ الیکشن کمیشن کے حکم کے تحت ری کاؤنٹنگ شروع کرنے والے تھے، پھر اگلے ہی دن بحال کیا گیا، اور تیسرے دن تبادلہ کر دیا گیا۔ اس کے بعد ایس پی حب کا تبادلہ اور من پسند ایس ایس پی کی تعیناتی، سوک سینٹر کو نو گو ایریا قرار دینا، مخصوص افراد کو سیکیورٹی پر تعینات کرنا، یہ تمام اقدامات پہلے ہی معاملے کو مشکوک بنا چکے تھے۔

طالبات زندگی میں واضح مقاصد کا تعین کریں، کمانڈنٹ مکران

تربت (ن ن) زندگی کا درست زاویہ نظر اور مثبت طرز فکر کے موضوع پر ایک تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں کمانڈنٹ مکران اسکاؤٹس بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے، جبکہ پرنسپل، اساتذہ سمیت 200 طالبات ...

حضرت محمد ﷺ کی سیرت طیبہ پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے، ڈاکٹر حافظ طاہر

آپ ﷺ نے مخالفین کے ساتھ بھی اعلیٰ ظرفی اور حسن سلوک کا مظاہرہ کیا، مظلوموں کی داد رسی کی، عدل و مساوات کی لازوال مثالیں قائم کیں

معاشرتی انتشار، عدم برداشت اور اخلاقی زوال جیسے مسائل درپیش ہیں، سیرت طیبہ سے رہنمائی لینا ناگزیر ہے، خطاب

بیلہ میں مچھروں کی بہتات، بیماریاں پھیلنے کا خطرہ

ضلعی انتظامیہ سے فوری طور پر سپرے کرانے کا مطالبہ

کوئٹہ: ایم ڈبلیو ایم کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پولیس جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرے، جواد طارق

تفتیش کے عمل کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جائے، ڈی آئی جی کی ہدایت

سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالرؤف بلوچ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکرٹری مواصلات ... اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بی ایف اے کا کریک ڈاؤن، 4 فوڈ یونٹس سیل، 14 کو جرمانے

ناقص چائنیز، پاؤڈر جوس اور زائد المعیاد اشیاء کی بڑی مقدار برآمد، گودام سیل، 13 سے زائد مراکز کو اصلاحی نوٹس جاری

اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کا بروقت ازالہ کیا جائیگا، وفاقی محتسب

ادارے کو ہر لحاظ سے مزید موثر بنانے کی کوشش کی جائے گی، شکایت کنندگان کے لیے ہمیشہ دروازے بروقت کھلے ہیں

شکایت کنندگان کو انصاف فراہم کرنے کیلئے افسران و عملہ اپنی صلاحیتیں بھرپور طریقے سے بروئے کار لائیں، نوید کامران

اساتذہ کی تربیت سے تعلیمی معیار بہتر ہوگا، ڈبلیو اے

پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھارنا وقت کی اہم ضرورت ہے، محمد صدیق مدنی

کوئٹہ: میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے ... چیکس تقسیم کیے جا رہے ہیں

قومی شاہراہوں پر بدامنی کے واقعات میں اضافہ ہو گیا، طاہر شاہ کاکڑ

ٹرانسپورٹرز عدم تحفظ کا شکار ہیں، حکومت کی ناقص پالیسیوں کے باعث ٹرانسپورٹ کا شعبہ مسائل کے گرداب میں پھنس چکا

چیک پوسٹوں پر غیر ضروری تاخیر اور جرمانے کے مسائل میں مزید اضافہ کر رہا ہے، حکام فوری طور پر نوٹس لیں، سیکرٹری اطلاعات

... شاہراہوں پر امن و امان کی مخدوش صورتحال کے باعث ٹرانسپورٹرز عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ آئے روز قومی شاہراہوں پر ڈکیتی، لوٹ مار، بھتہ خوری اور مسافروں کو ہراساں کیے جانے کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے جس سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز کو مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے بلکہ مسافروں کی جان و مال ...

رمضان کے تقدس کی پامالی برداشت نہیں، ڈی سی

عوام احترام رمضان کا خاص خیال رکھیں، بشیر احمد کی جمعیت رہنما سے گفتگو

... اور ضلعی انتظامیہ باہمی ہم آہنگی اور تعاون کے ساتھ کام کریں تو معاشرے میں نظم و ضبط اور امن و امان کو برقرار رکھنے میں مدد مل سکتی ہے اور کسی کو بھی بدامنی پھیلانے کا موقع نہیں ملے گا۔ اس موقع پر اس امید کا اظہار بھی کیا گیا کہ ضلعی انتظامیہ اپنی قانونی اور شرعی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرتی رہے گی۔ ... کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور اس حوالے سے قانون پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوام کو رمضان المبارک کے احترام کا خیال رکھنا چاہیے، تاہم مریضوں اور مسافروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ کھانے پینے کے معاملات میں احتیاط اور پردہ داری کا خاص خیال رکھیں۔ ملاقات کے ...

علی حسن زہری کی قیادت میں پارٹی فعال ہوگی، پیپلز پارٹی

موصوف عوام کی خدمت کیلئے صلاحیتیں بروئے کار لارہے ہیں، انور جمالی

تمام محکموں کے سربراہان کارکردگی مزید بہتر بنائیں، اے سی حب

TENDER NOTICE

The Municipal Committee, Gandawah department invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

S .No	Name of Work/s	Estimated Cost	Tender Fee	Bid Security
1	INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS AT GANDAWAH CITYMUNICIPAL COMMITEE GANDAWAH **TSE-252603992923**	20,000,000	2,000 PKR	2%
2	CONSTRUCTION OF PCC STREET AND LAYING OF TUFF TILE ATGANDAWAH CITY MUNICPAL COMMITTEE GANDAWAH **TSE-252603992943**	29,000,000	2,000 PKR	2%
3	INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM & CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL MUNICIPAL COMMITTEE GANDAWAH OFFICE AT MUNICIPAL COMMITTEE GANDAWAH **TSE-252603992983**	5,000,000	Nil	2%
4	Construction of River Bridge at Gandawah Municipal Committee Gandawah **TSE-252603993153**	4,000,000	Nil	2%
5	CONSTRUCTION OF CULVERTS AT GANDAWAH CITY DISTRICT JHAL MAGSI **TSE-252603993313**	2,183,554	Nil	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014.2.**Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 14,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm 3.**Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure 4. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank.5. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of thunder-signed **2,000 PKR** 6. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **31 March,2026** during office hours on working days 7. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **31 March,2026** till **11:00 AM** .8. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM** 9. **Address:** MUNICIPAL QAMMITTEE GANDAWAH DISTRICT JHALMAGSI **Phone no:**3337216909 **Email:** gousesherani@gmail.com

Chief Officer
Municipal Committee, Gandawah

AB No.947/06-03-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

JOB OPPORTUNITIES

The People's Primary Healthcare Initiative (PPHI) Balochistan, registered under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984 (now the Companies Act, 2017), invites applications for the following vacancies on a purely temporary basis

Name of Posts	No of Posts	Salary Package	Qualification/Experience	Age
Finance Officer	04 Kachi, Jafferabad, Jhal Magsi and Naseerabad (One Each District)	85,000/- (Gross Pay)	MBA finance, M-Com, BBA, or equivalent from any recognized university, with 2 years of relevant experience.	18-50
M&E Officer	02 (Sourab and Sherani)	85,000/- (Gross Pay)	Masters in Social Sciences, MBA, MBBS, or equivalent from any recognized university, with 2 years of relevant field experience.	18-50
Media Assistant	01 (Quetta Head Office)	50,000/- (Gross Pay)	Bachelor's Degree in Mass Communication, Journalism, Media Studies, Digital Media, Social Science, or equivalent from any recognized university with 02 years of relevant experience.	18-50
Lab Technician	100 (All Districts)	55,000/- (Gross Pay)	Matric and Diploma from Provincial Medical Faculty or equivalent, candidates with relevant field experience will be given priority.	18-50
Infant and Young Child Feeding (IYCF) Counsellor (Female)	25 (Zhob, Gwadar, Sibi, Khuzdar and Naseerabad)	45,000/- (Gross Pay)	Intermediate or equivalent from any recognized board, candidates with relevant field experience will be given priority	18-50
Nutrition Assistant (Female)	25 (Zhob, Gwadar, Sibi, Khuzdar and Naseerabad)	50,000/- (Gross Pay)	Bachelor's degree, or equivalent, candidates with relevant field experience will be givenpriority.	18-50

Terms and Conditions:

1. The positions will be filled purely on a temporary basis under the control and management of PPHI-B for one year initially, extendable on an annual performance report.
2. Applicants holding local domicile shall be given preference.
3. Only the short-listed candidates will be called for the written test & interview on a date and time to be communicated.
4. On detailed scrutiny of documents, if found ineligible, his/her candidature will be rejected.
5. No TA/DA is admissible for appearing in the test/interview.
6. The Company reserves the right to amend/cancel the hiring process or the number of posts at any stage.

How to apply:

1. **Application Submission:** Interested candidates are required to apply through the career portal (https://pphib.org/careers/) by completing the online application form no later than 3rd April, 2026. Shortlisting & **Assessment:** PPHI will contact shortlisted candidates to appear in the written Test/Interview.
2. **Selection:** Offer letters will be issued to candidates who successfully clear all stages of the process. However, candidates on the waiting list will be offered the positions in case of non-joining of selected candidates in due course of time.
3. **Note:** Applications submitted by hand or any other mode except the prescribed will not be accepted.

Manager HR PPHI Balochistan
Address: 8-A Jinnah Town Samungli Road Quetta, Balochistan
For queries, feel free to contact on the followings
Call: 081-2863620, 081-2862623 Fax: 081-2863642

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 7 مارچ 2026ء

پانی سمیت دیگر قدرتی وسائل کا مبنی برانصاف استعمال پائیدار ترقی کی کلید

پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو بتایا ہے کہ دنیا کے قدرتی وسائل کو اقتصادی ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے لئے استعمال ہونا چاہئے، نہ کہ دباؤ یا تنازع کا ذریعہ بننا چاہئے کیونکہ اہم معدنیات اب ڈیجیٹل معیشت اور توانائی کی منتقلی کو طاقت دینے والی ٹیکنالوجیز کی بنیاد بن چکی ہیں، بھارت کی طرف سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی بین الاقوامی قانون اور معاہدے کی شقوں کی خلاف ورزی ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے گزشتہ روز سلامتی کونسل میں توانائی، اہم معدنیات اور سلامتی کے موضوع پر منعقدہ مباحثے میں کیا انہوں نے کہا کہ قدرتی وسائل کے حصول کی دوڑ اور اس کا تنازعات سے تعلق کوئی نئی بات نہیں اگر اس مقابلے کو ذمہ داری سے نہ سنبھالا گیا تو یہ سپلائی چین کو متاثر کرسکتا ہے، کشیدگی بڑھا سکتا ہے، خودمختاری کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور عدم استحکام کو جنم دے سکتا ہے۔ امر واقعی یہ ہے کہ دنیا اس وقت ایک ایسے دور سے گزر رہی ہے جہاں قدرتی وسائل کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ توانائی کے نئے ذرائع، ڈیجیٹل معیشت کی تیز رفتار ترقی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی عالمی کوششوں نے معدنیات، پانی اور دیگر قدرتی وسائل کو عالمی سیاست اور معیشت کا مرکزی موضوع بنا دیا ہے۔ ایسے میں یہ سوال مزید اہم ہو جاتا ہے کہ کیا دنیا ان وسائل کو مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے لئے استعمال کرے گی یا انہیں طاقت، دباؤ اور تنازع کا ذریعہ بنایا جائے گا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان کا موقف اسی جانب توجہ دلاتی ہے۔ قدرتی وسائل کا استعمال انسانی ترقی، پائیدار معیشت اور مشترکہ خوشحالی کے لئے استعمال ہونا چاہئے کیونکہ یہی انصاف ہے اور پانی سمیت دیگر قدرتی وسائل کا مبنی برانصاف استعمال پائیدار ترقی کی کلید ہے قدرتی وسائل کی اہمیت ہمیشہ رہی ہے، لیکن جدید دور میں ان کی اہمیت کئی گنا بڑھ چکی ہے۔ اہم معدنیات قابل تجدید توانائی کے نظام کی بنیاد بن چکی ہیں اسی طرح پانی بھی انسانی زندگی اور زرعی معیشت کی بنیادی ضرورت ہے۔ اگر ان وسائل کو منصفانہ، شفاف اور ذمہ دارانہ انداز میں استعمال کیا جائے تو یہ دنیا کے کروڑوں انسانوں کے لئے خوشحالی اور ترقی کے دروازے کھول سکتے ہیں۔ لیکن اگر ان وسائل کو سیاسی مفادات یا طاقت کے کھیل میں استعمال کیا جائے تو یہی وسائل عالمی کشیدگی، تنازعات اور عدم استحکام کا سبب بھی بن سکتے ہیں۔ پاکستان نے سلامتی کونسل میں یہ بات نہایت وضاحت کے ساتھ پیش کی کہ قدرتی وسائل کو ہتھیار بنانے کی روایت دنیا کے لئے خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔ اگر ممالک ان وسائل کے حصول کی دوڑ میں ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کریں تو اس کے نتیجے میں سپلائی چین متاثر ہوسکتی ہے، عالمی منڈیوں میں عدم توازن پیدا ہوسکتا ہے اور ریاستوں کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ اس صورتحال میں عالمی اداروں اور بین الاقوامی قوانین کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ یہی قوانین اس بات کو یقینی بناسکتے ہیں کہ قدرتی وسائل کا استعمال انصاف اور تعاون کے اصولوں کے مطابق ہو۔ اسی تناظر میں پانی کے مسئلے کو بھی سمجھنا ضروری ہے۔ پانی صرف ایک قدرتی وسیلہ نہیں بلکہ کروڑوں انسانوں کی زندگی، زراعت اور معیشت کی بنیاد ہے۔ جنوبی ایشیا میں دریاؤں کا نظام لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں لوگوں کے لئے زندگی کی ضمانت ہے۔ پاکستان جیسے زرعی ملک کے لئے پانی کی اہمیت اور بھی زیادہ ہے کیونکہ اس کی معیشت کا بڑا حصہ زراعت سے وابستہ ہے۔ اسی لئے پاکستان ہمیشہ یہ موقف اختیار کرتا آیا ہے کہ مشترکہ آبی وسائل کو انصاف اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق استعمال کیا جانا چاہئے۔ یہی وجہ ہے کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کا معاملہ پاکستان کے لئے انتہائی سنجیدہ اور تشویشناک ہے۔ 1960 میں طے پانے والا سندھ طاس معاہدہ دنیا کے کامیاب ترین آبی معاہدوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ یہ معاہدہ عالمی بینک کی ضمانت کے ساتھ طے پایا تھا اور اس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان پانی کے منصفانہ استعمال کو یقینی بنانا تھا۔ اس معاہدے کے تحت دریاؤں کی تقسیم اور ان کے استعمال کے اصول واضح طور پر طے کیے گئے تھے تاکہ کسی بھی فریق کو نقصان نہ پہنچے اور خطے میں آبی تنازعات سے بچا جاسکے۔ بدقسمتی سے بھارت کی جانب سے اس معاہدے کی روح کے خلاف اقدامات تسلسل سے جاری ہیں پاکستان نے اقوام متحدہ میں واضح کیا ہے کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کی کوشش بین الاقوامی قانون اور معاہدے کی شقوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ یہ صرف ایک قانونی مسئلہ نہیں بلکہ انسانی اور اخلاقی مسئلہ بھی ہے کیونکہ اس کا براہ راست اثر کروڑوں لوگوں کی زندگیوں پر پڑ سکتا ہے۔ پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا دراصل انسانی اقدار کے خلاف ہے۔ کسی بھی ملک کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ دریاؤں کے بہاؤ کو سیاسی دباؤ کے لئے استعمال کرے۔ زیریں ممالک کے لئے دریا زندگی کی علامت ہوتے ہیں اور ان کے بہاؤ کو روکنا یا اس میں رکاوٹ ڈالنا دراصل ان ممالک کی معیشت اور معاشرت پر براہ راست حملہ ہوتا ہے۔ اسی لئے پاکستان نے عالمی برادری کو خبردار کیا ہے کہ پانی کو ہتھیار بنانا علاقائی امن اور سلامتی کے لئے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ پاکستان کا یہ موقف نہ صرف قانونی طور پر درست ہے بلکہ اخلاقی اور انسانی بنیادوں پر بھی مضبوط ہے۔ اگر عالمی برادری واقعی پائیدار ترقی اور عالمی امن کی خواہاں ہے تو اسے ایسے اقدامات کی حوصلہ شکنی کرنا ہوگی جو بین الاقوامی معاہدوں کو کمزور کرتے ہیں۔ سندھ طاس معاہدہ صرف پاکستان اور بھارت کے درمیان ایک معاہدہ نہیں بلکہ یہ بین الاقوامی قانون اور عالمی تعاون کی ایک مثال بھی ہے۔ اگر اس معاہدے کو نظر انداز کیا جاتا ہے تو اس سے دنیا بھر میں دیگر آبی معاہدوں کے لئے بھی خطرناک مثال قائم ہوسکتی ہے۔ پاکستان نے سلامتی کونسل میں یہ بھی واضح کیا کہ اہم معدنیات اور قدرتی وسائل کی پیداوار اور تجارت میں ترقی پذیر ممالک کے حقوق کا احترام ضروری ہے۔ آج جب دنیا توانائی کے نئے ذرائع کی طرف بڑھ رہی ہے اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لئے مشترکہ کوششیں کررہی ہے تو ایسے میں تعاون، اعتماد اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہوگئی ہے۔ قدرتی وسائل اللہ کی عطا کردہ نعمت ہیں اور انہیں انسانیت کی بھلائی کے لئے استعمال ہونا چاہئے۔ اگر دنیا انصاف، تعاون اور ذمہ داری کے اصولوں کو اپنائے تو یہی وسائل ترقی، امن اور خوشحالی کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ لیکن اگر انہیں طاقت اور دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا گیا تو اس کے نتائج تباہ کن ہوں گے۔

ایران میں رجیم چینج کا "ادھورا خواب"

برملا — نصرت جاوید

صدر ٹرمپ سے دس سوال

شہر یاراں

سچ کی موت، قیاس آرائیوں کا طوفان

تاثرات — سید مجاہد علی

اور ہمارے ہاتھ بندھے کے بندھے رہ گئے

اظہار خیال — ایاز امیر

گھر اپنا، چوکیاں کسی اور کی!!

تلخ نوائی — محمد اظہار الحق

izhar@izharulhaq.net

یہ کہانی کسی بھی وقت دہرائی جاسکتی ہے

اظہار خیال — خالد مسعود خان

ایران میں رجیم چینج کی قیمت

وفاق نامہ — رشید صافی

ایران کے خلاف اسرائیل اور امریکہ کے مشترکہ عسکری حملے اور اس کے نتیجے میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی شہادت نے ان تمام خدشات پر مہر تصدیق ثبت کردی ہے کہ عالمی قوتوں کا اصل ہدف ایران میں رجیم چینج تھا۔ یہ واقعہ محض ایک فوجی کارروائی نہیں بلکہ ایک ایسی سٹریٹجک تبدیلی ہے جس کے اثرات دہائیوں تک محسوس کیے جائیں گے۔ ایران میں انقلاب کے بعد سے ہی عالمی طاقتیں تہران کے نظام کو اپنے مفادات کیلئے خطرہ سمجھتی آئی ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں ایران کو اندرونی طور پر کمزور کرنے کیلئے متعدد کوششیں کی گئیں، معاشی پابندیوں کا سہارا لیا گیا، اندرونی خلفشار کو ہوا دی گئی تاہم جب یہ تمام حربے ناکام ثابت ہوئے تو اسرائیل نے امریکہ کے ساتھ مل کر اس انتہائی قدم کا فیصلہ کیا۔

آیت اللہ علی خامنہ ای محض ایک سیاسی لیڈر نہیں تھے بلکہ وہ ایران کے نظریاتی دفاع کی علامت تھے۔ وہ اپنی زندگی کے آخری سانس تک عالمی قوتوں کے تسلط کے خلاف چٹان کی طرح ڈٹے رہے۔ ان کی شہادت اسی ثابت قدمی کی قیمت ہے جو انہوں نے اپنے اصولوں کیلئے ادا کی۔ دنیا بھر کے دفاعی تجزیہ کاروں کیلئے یہ سوال نہایت اہمیت کا حامل ہے کہ تہران جیسے ہائی سکیورٹی زون میں اسرائیل اور امریکہ ایران کے سپریم لیڈر کو نشانہ بنانے میں کیسے کامیاب ہوئے۔ تہران کے ایک انتہائی محفوظ کمپاؤنڈ میں ہونے والی اس اعلیٰ سطح میٹنگ کی اطلاع اور وہاں آیت اللہ خامنہ ای کی موجودگی کا درست وقت معلوم کرلینا کسی بہت بڑی انٹیلی جنس دراندازی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ حملے کے چند گھنٹوں بعد ان کی شہادت کی باقاعدہ تصدیق بھی کردی گئی جو اس آپریشن کی درستی اور منصوبہ بندی کی عکاسی کرتی ہے۔ برطانوی اخبار دی ٹیلی گراف کی رپورٹ کے مطابق ایران پر اس بڑے حملے کی باقاعدہ منصوبہ بندی دسمبر 2025ء میں شروع ہو چکی تھی جب نیتن یاہو نے فلوریڈا میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کی تھی۔ یہ وہی وقت تھا جب ایران اندرونی طور پر پرتشدد مظاہروں کی لپیٹ میں تھا اور اسرائیل اس صورتحال کو اپنے حق میں استعمال کرنے کیلئے پر تول رہا تھا۔ صدر ٹرمپ 14 جنوری کو حملوں کی منظوری دینے والے تھے مگر آخری لمحات میں کچھ تزویراتی وجوہات کی بنا پر فیصلہ موخر کردیا گیا۔ اس کے بعد اسرائیلی عسکری قیادت اور امریکی حکام کے درمیان ملاقاتوں کا ایک طویل سلسلہ چلا جس کا محور مشترکہ فوجی کارروائی تھا۔ اس کارروائی کیلئے جنیوا میں ہونے والے عالمی مذاکرات سے ٹھیک ایک ہفتہ قبل 28 فروری کا دن چنا گیا۔ اسرائیل اور امریکہ کو سب سے بڑا خطرہ یہ تھا کہ اگر ایران کو اس آپریشن کی ذرا بھی بھنک پڑ گئی تو سپریم لیڈر زیر زمین چلے جائیں گے اور آپریشن ناکام ہو جائے گا۔ تاہم آیت اللہ خامنہ ای نے اپنی سکیورٹی پر منڈلاتے خطرات کے باوجود اپنے معمولات زندگی کو تبدیل نہیں کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ جنگ کے واضح بادل منڈلانے کے باوجود ایران اپنی اعلیٰ ترین قیادت کو محفوظ بنانے کیلئے وہ اقدامات نہ کرسکا جو ایسے حالات میں ناگزیر ہوتے ہیں۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا سپریم لیڈر کی شہادت سے اسرائیل کا رجیم چینج کا خواب پورا ہو جائے گا؟ زمینی حقائق اس کے برعکس اشارہ کر رہے ہیں۔ منصوبہ ساز اس زعم میں مبتلا تھے کہ خامنہ ای کی شہادت کے بعد ایران کے لوگ رجیم چینج کیلئے باہر نکلیں گے۔ لوگ باہر ضرور نکلے مگر رجیم چینج کیلئے نہیں بلکہ اپنے سپریم لیڈر کے دکھ میں اور موجودہ قیادت کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے۔ آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت نے ایرانی قوم اور پاسداران انقلاب میں غم و غصے کی ایک نئی لہر پیدا کردی ہے اور ایرانی مزاحمت میں غیر معمولی تیزی آ گئی ہے۔ کل تک جو سفارتی ماہرین افہام و تفہیم کی امید لگائے بیٹھے تھے آج وہ بھی مان رہے ہیں کہ خطہ ایک ایسی کشیدگی کی طرف بڑھ رہا ہے جس کا انجام ہولناک تباہی پر ہی ہوگا۔ یہ خدشات حق ثابت ہو رہے ہیں کہ ایران پر حملہ پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا۔ اس وقت جنگ کے شعلے متحدہ عرب امارات، قطر، کویت، بحرین اور سعودی عرب تک پہنچ چکے ہیں۔ متحدہ عرب امارات نے ایران سے اپنا سفیر واپس بلا کر سفارت خانہ بند کردیا ہے، جو دونوں ملکوں کے مابین سفارتی تعلقات کے خاتمے کا اعلان ہے۔ جنگ کے اثرات صرف زمین تک محدود نہیں بلکہ سمندری گزرگاہیں بھی غیر محفوظ ہو چکی ہیں۔ آبنائے ہرمز اور دیگر تجارتی راستوں پر منڈلاتے خطرات نے تیل کی عالمی سپلائی چین کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ اگر یہ جنگ مزید چند دن جاری رہی تو عالمی تجارت شدید متاثر ہوگی اور اس کے معاشی اثرات پوری دنیا کو کساد بازاری کی طرف دھکیل دیں گے۔

ایران کا پڑوسی ہونے کے ناتے پاکستان اس صورتحال سے لاتعلق نہیں رہ سکتا۔ وزیراعظم ہاؤس میں ہونے والا حالیہ اعلیٰ سطحی اجلاس اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ پاکستان اپنی مغربی سرحد اور داخلی سلامتی کے حوالے سے کتنا سنجیدہ ہے۔ اجلاس میں عسکری و سیاسی قیادت نے ایران کی صورتحال اور افغانستان کی جانب سے جاری سرحدی جارحیت کا جائزہ لیا۔ آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت کے بعد پاکستان کی خارجہ پالیسی میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے دو مارچ کا دورہ روس موخر کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے تعزیتی بیان میں جہاں ایرانی عوام سے یکجہتی کا اظہار کیا وہیں بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی پر گہری تشویش بھی ظاہر کی۔ پاکستان کا موقف واضح ہے کہ کسی بھی ریاست کے سربراہ کو نشانہ بنانا بین الاقوامی مسلمہ اصولوں کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ خامنہ ای کی شہادت کے بعد احتجاج کی لہر پاکستان سے لے کر امریکہ کے شہروں تک پھیل چکی ہے جو اس واقعے کی عالمی حساسیت کو ظاہر کرتی ہے۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایرانی پاسداران انقلاب کو ہتھیار ڈالنے یا موت کیلئے تیار رہنے کی وارننگ دے رہے ہیں۔ ٹرمپ کا دعویٰ ہے کہ یہ آپریشن چار سے پانچ ہفتوں تک جاری رہ سکتا ہے ان کے خیال میں ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت کے بعد ایران کو مذاکرات کی میز پر لانا آسان ہو گیا ہے تاہم ایران کے آرمی چیف جنرل امیر حاتمی کا یہ بیان کہ ایرانیوں کو غلام بنانے کا خواب قبروں میں جائے گا ایران کے عزائم کی عکاسی کرتا ہے۔ ایرانی نیشنل سکیورٹی کونسل کے سربراہ علی لاریجانی نے بھی کہا ہے کہ اب امریکہ کے ساتھ مذاکرات نہیں ہو سکتے۔ ایران اس وقت اپنی پوری قوت کے ساتھ خلیج میں موجود امریکی اڈوں کو نشانہ بنا رہا ہے کیونکہ ایران کے خلاف زیادہ تر حملے انہی اڈوں سے ہو رہے ہیں۔ اگر یہ جنگ طوالت اختیار کرتی ہے تو ایران کے پاس متحدہ عرب امارات اور قطر وغیرہ پر جوابی حملوں کا اخلاقی اور دفاعی جواز موجود ہوگا۔

خضدار گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کا اعلامیہ

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج خضدار کے پرنسپل حافظ عبدالحمید لہڑی کے ایک اعلامیہ کے مطابق کالج ہذا میں زیر تعلیم انٹرمیڈیٹ فرسٹ ایئر، سیکنڈ ایئر اور بی ایس کے زیر تعلیم تمام طلباء کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 2 مارچ 2026 سے کالج میں درس و تدریس کے عمل کا باقاعدگی آغاز ہو چکا ہے۔ تمام طلباء اپنی اپنی حاضریوں کو یقینی بنائیں انٹرمیڈیٹ طلباء کو غیر حاضری کی صورت میں امتحانی سلپ رول نمبر سلپ جاری نہیں کی جائے گی

ہرنائی، ڈی سی ارشد حسین جمالی کی قیادت میں پاک فوج کے حق میں ریلی نکالی جا رہی ہے

وفاقی محتسب کی مداخلت سے چائلڈ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری

خضدار (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ریجنل آفس خضدار نے عوامی شکایات کے فوری ازالے اور نادرا سے متعلقہ درپیش مسائل کو حل کرتے ہوئے ایک اور اہم کامیابی حاصل کر لی۔ وفاقی محتسب کی مداخلت پر ایک سال سے رکے ہوئے بچوں کے چائلڈ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (CRC) جاری کر دیے گئے۔ کیس کے حقائق کے مطابق درخواست گزار بی بی رضیہ نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ خضدار میں شکایت درج کروائی تھی کہ وہ گزشتہ ایک سال سے اپنے بچوں کے چائلڈ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (Form-B/ CRC) کے حصول کے لیے نادرا دفاتر کے چکر لگا رہی ہیں، لیکن تاحال انہیں یہ ضروری دستاویزات فراہم نہیں کی جا رہیں۔ کاغذات کی عدم موجودگی کی وجہ سے انہیں بچوں کے تعلیمی اور دیگر سرکاری معاملات میں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ وفاقی محتسب کی فوری مداخلت درخواست موصول ہونے پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ خضدار نے معاملے کا فوری نوٹس لیا اور نادرا حکام سے جواب طلب کرتے ہوئے کیس کی مسلسل پیروی کی۔ وفاقی محتسب کے دفتر کی جانب سے قانونی اور انتظامی دباؤ کے نتیجے میں نادرا حکام نے ایک سال سے زیر التواء کیس کو فوری طور پر نمٹایا...

سبی عوام کو سہولیات فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، ڈی سی

بچت رمضان بازار دوسرے عشرے میں بھی جاری، آٹا، چینی، گھی، کھجور، دودھ اور سبزیاں سرکاری نرخوں پر دستیاب

محمد الیاس کبزئی کا ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کے خلاف سخت کارروائی کی وارننگ، عوام کو زیادہ ریلیف فراہم کرنے کا عزم

سبی (آئی این پی) سبی و گرد و نواح کے عوام کو ماہ رمضان میں معیاری اشیاء خورد و نوش سستے داموں میں فراہم کرنے کے سلسلہ دوسرے عشرے میں بھی کامیابی کے ساتھ جاری بچت بازار میں خریداروں کا رش گاشت آٹا چینی سمیت سبزیاں سستی ڈپٹی کمشنر کی مانیٹرنگ اسسٹنٹ کمشنر کا روزانہ کی بنیادوں پر دورہ۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایات پر عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے سلسلے میں ضلع سبی میں ماہ رمضان المبارک کے موقع پر خصوصی اقدام اٹھاتے ہوئے ماہ رمضان کے پہلے روز سے تاحال بچت رمضان بازار سے عوام مستفید ہوتے نظر آتے ہیں اس بازار کا مقصد رمضان کے بابرکت مہینے میں شہریوں کو اشیائے خورد و نوش مناسب اور کنٹرول شدہ قیمتوں پر فراہم کرنا ہے تاکہ مہنگائی کے اثرات کو کم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر ریٹائرڈ الیاس کبزئی...

یونین آف جرنلسٹس کے آرگنائزر میر ظہور احمد مگسی سینئر صحافی سید طاہر علی بھی ہمراہ تھے انہوں نے متعلقہ عملے اور دکانداروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخ نامے پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور اشیاء کا معیار برقرار رکھا جائے۔ اس موقع پر شہریوں نے ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ماہ رمضان میں بچت بازار کا سلسلہ ماہ رمضان کے دوسرے عشرے سے بھی جاری رہنے سے ایک خوش آئند قدم ہے۔

جس سے روزمرہ استعمال کی اشیاء مناسب قیمتوں پر دستیاب ہو رہی ہیں۔ جس میں آٹا چینی گھی تیار کھجور دودھ سمیت سبزیاں سستے داموں دستیاب ہے۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

خضدار، ڈی سی عبدالرزاق ساسولی اینڈ ٹریننگ اسسٹنٹ کمشنرز سے خطاب کر رہے ہیں

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر C-709 رقبہ 200 گز زرغون ہاؤسنگ اسکیم کو بحال اس وقت مسماۃ یاسمین زوجہ محمد سلیم ملک کے نام ہے ٹرانسفر عبدالقہار ولد عبدالبدیع کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر ڈی سی اے سے رابطہ کریں

R.No..........62858

دالبندین ڈرائیونگ لائسنس کی پرنٹنگ 6 ماہ سے بند، نوجوان پریشان

چاغی سمیت بلوچستان بھر میں ڈرائیونگ لائسنس پرنٹنگ معطل، کارڈ پیپر ختم ہونے اور بجٹ کی کمی کے باعث امیدواروں کو شدید مشکلات

روزگار کی تلاش میں سرگرداں نوجوان ذہنی اذیت کا شکار، ٹرانسپورٹ سیکٹر اور ترقیاتی منصوبوں میں ملازمتوں کے مواقع متاثر، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

جعفرآباد: بینک سیکیورٹی مضبوط بنایا جائے، ڈی سی

لورالائی میں میونسپل کمیٹی کی صفائی مہم جاری

نصیرآباد: واٹر سپلائی اسکیم کی بجلی بحال، شہریوں کی مشکلات دور

سردار عبدالرشید ریکی کا ماشکیل کے مختلف علاقوں کا دورہ

دالبندین واٹر سپلائی کھدائی میں پی ٹی سی ایل کیبل کٹ گئی

شہر کا نصف حصہ انٹرنیٹ اور لینڈ لائن سروس سے محروم، شہری شدید پریشان

طلبہ اور کاروباری طبقے آن لائن کام متاثر، شہریوں کا قیمتی وقت ضائع ہونے کا خدشہ

خضدار، شیر احمد خان مگسی جمالی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

قلات: لیشمینیا وبا کے مریضوں کا علاج جاری

ضیاء اللہ لانگو کی کامیابی یقینی ہے، امیر جان لہڑی

دالبندین: موبائل انٹرنیٹ کی خرابی صورتحال، صارفین پریشان

جماعت اہل سنت کا دہشت گردی کے خلاف اتحاد

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Buildings CW, PP&H Department District Kech (Turbat) invites sealed percentage tender based on Composite schedule of rates 2023, Government of Balochistan (G.O.B) amended up to-date from interested Government Contractors/Firm who renewal for the year 2026, for the work listed below: - Earnest Money 2% and Time limit 6 Months for each work

The Tender Fee Rs: 1000/- Deposited in shape of Green Challan in Head of account (02716)

S.No	Name of Work	E/Cost
1.	Rehabilitation of Press Club Turbat District Kech **TSE-252602989193**	12,496,690

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (up to 25 million) In Relevant Category and Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works). **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **25 March,** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **25 March,** till **12:00 PM.** **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **01:00 PM** **Address:** Office of the Executive Engineer-Buildings, CWPP&H Department District Kech.
Phone no: 0852413280
Email: executiveengineer21kech@gmail.com

PRQ No.4073/06-03-2026

Executive Engineer Buildings CWPP&H Department District Kech

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب تحصیلدار گلستان

اشتہار بنام عوام الناس

62857

اشتہار تصحیح برائے 15 سالہ لیز کینولی ہالز

AB No 951/06-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب تحصیلدار گلستان

اشتہار بنام عوام الناس

62857

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Public Model High Schools Initiative for all Districts of Balochistan invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Bid Security 3% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost	Tender Fee
1	TSE-252603992423	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS RAIJ UMRANI DISTRICT MUSAKHEL BEMIS Code 3882	24 March, 2026 09:00 AM	10:00 AM	74,405,444	1,500 PKR
2	TSE-252603992433	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS SIKANDAR ZHANG DISTRICT KOHLU BEMIS Code 9351	24 March, 2026 09:15 AM	10:15 AM	74,405,444	1,500 PKR
3	TSE-252603992453	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS NOOR MUHAMMAD MENGAL DISTRICT NASEER ABAD BEMIS Code 9437	24 March, 2026 09:30 AM	10:30 AM	74,405,444	1,500 PKR
4	TSE-252603992703	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS MUHAMMAD ZAI DANADA DISTRICT LASBELA BEMIS Code 12191	24 March, 2026 09:45 AM	10:45 AM	74,405,444	1,500 PKR
5	TSE-252603992713	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS SARI KALAT TUSP DISTRICT PANJGUR BEMIS CODE 9146	24 March, 2026 10:00 AM	11:00 AM	74,405,444	1,500 PKR
6	TSE-252603992643	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS SAR MAL DISTRICT NOSHKI BEMIS CODE 6684	24 March, 2026 10:15 AM	11:15 AM	74,405,444	1,500 PKR
7	TSE-252603992763	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS KONGARH DISTRICT MASTUNG BEMIS CODE 10475	24 March, 2026 10:30 AM	11:30 AM	74,405,444	1,500 PKR
8	TSE-252603992783	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS SAKE ZAI DISTRICT PISHIN BEMIS CODE 1296	24 March, 2026 10:45 AM	11:45 AM	74,405,444	1,500 PKR
9	TSE-252603992793	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS ABDULLAH JAN DISTRICT PISHIN BEMIS CODE 1254	24 March, 2026 11:00 AM	12:00 PM	74,405,444	1,500 PKR
10	TSE-252603992403	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS MALEZAI BARAGHZAI DISTRICT PISHIN BEMIS CODE 50041	24 March, 2026 11:15 AM	12:15 PM	74,405,444	1,500 PKR
11	TSE-252603992723	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS BASTI LOHARAN DISTRICT SIBI BEMIS CODE 9590	24 March, 2026 11:30 AM	12:30 PM	74,405,444	1,500 PKR
12	TSE-252603992733	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS BALO PUR DISTRICT SOHBAT PUR BEMIS CODE 5317	24 March, 2026 11:45 AM	12:45 PM	74,405,444	1,500 PKR
13	TSE-252603992753	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS KILLI RAISINI NIGHAR DISTRICT SURAB BEMIS CODE 3133	24 March, 2026 12:00 PM	01:00 PM	74,405,444	1,500 PKR
14	TSE-252603992773	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS KILLI ALI MUHAMMAD AGHBERG DISTRICT QUETTA BEMIS CODE 4953	24 March, 2026 12:15 PM	01:15 PM	74,405,444	1,500 PKR
15	TSE-252603992553	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS TAREEN SHER DISTRICT QUETTA BEMIS CODE 3461	24 March, 2026 12:30 PM	01:30 PM	74,405,444	1,500 PKR
16	TSE-252603992813	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS KILLI TIRKHA KASI DISTRICT QUETTA BEMIS CODE 3366	24 March, 2026 12:45 PM	01:45 PM	74,405,444	1,500 PKR
17	TSE-252603992833	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS PASHTOON ABAD GALI NO 13 DISTRICT QUETTA BEMIS CODE 5204	24 March, 2026 01:00 PM	02:00 PM	74,405,444	1,500 PKR
18	TSE-252603992843	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS MALEZAI NASRAN DISTRICT QUETTA BEMIS CODE 15721	24 March, 2026 01:15 PM	02:15 PM	74,405,444	1,500 PKR
19	TSE-252603992853	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS AHMED KHAN ZAI DISTRICT QUETTA BEMIS CODE 4972	24 March, 2026 01:30 PM	02:30 PM	74,405,444	1,500 PKR
20	TSE-252603992863	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS KAMALO SARIAB DISTRICT QUETTA BEMIS CODE 4873	24 March, 2026 01:45 PM	02:45 PM	74,405,444	1,500 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-252603992863, TSE-252603992853, TSE-252603992843, TSE-252603992833, TSE-252603992813, TSE-252603992553, TSE-252603992773, TSE-252603992753, TSE-252603992733, TSE-252603992723, TSE-252603992403, TSE-252603992793, TSE-252603992783, TSE-252603992763, TSE-252603992643, TSE-252603992713, TSE-252603992703, TSE-252603992453, TSE-252603992433, TSE-252603992423) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** House No. 48-B Chaman Housing Airport Road, Quetta

Phone no: 0819201841 **Email: pd.pmhs@gmail.com**

AB No.945/06-03-2026

PD
Public Model High Schools Initiative for all Districts of Balochistan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

SHOW CAUSE NOTICE

To,

1. Mst. Iqra D/O Liaqat Ali (Staff Nurse B-16)
2. Mst. Salma Gulzar D/O Gulzar Masih (Staff Nurse B-16)
3. Mst. Fahmida D/O Noor Bakhsh
4. Mr. Sherbaz Baloch (Senior Clerk B-14)
5. Mr. Muhammad Raza (Attendant B-2)
6. Mr. Naseer Sarwar (Ward Boy B-2)
7. Mr. Mital Khan (Naib Qasid B-1)
8. Mr. Sanaullah (Sprayer B-1)

WHEREAS, it has been brought to the notice of the undersigned that you have committed the following acts of omission and commission:

"The committee formed for verification of employees BPS 01-16 has reported that you are absent from your duties since long (Spanning of years) to till date without prior permission of the competent authority"

2. **WHEREAS,** by the reason of above, you have been guilty in terms of section-3 of BEEDA-2011 and liable to any penalty, which may include dismissal from service as prescribed under section-4 of the ibid Act.
3. **WHEREAS,** I Executive Director, SKBZ Al-Nahyan Medical Complex, Quetta being the competent authority after considering the above mentioned facts of the case and reasons/ground thereof as satisfied that there is no need of inquiry against you under section-5 of the said Act.
4. **NOW THEREOF,** you are hereby called upon to submit written defence of show cause within (07) days of the receipt of this notice as to why should not be proceeded under relevant provisions of BEEDA-2011.
5. **TAKE NOTICE** that in case of failure to submit a reply within the prescribed period, it would be assumed that you have no defense to offer or have declined to offer the same and accepted the charge(s) and in that case, ex-parte order will be passed against you.

PRQ No.4075/06-03-2026

Executive Director
Sheikh Khalifa Bin Zayed Al-Nahyan Medical Complex Mastung Road, Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب اختر شاہ شیرانی سول جج کوہلو

کیس نمبر 24/25 — آئندہ تاریخ پیشی 13/3/2026

دعویٰ: استقرار حق ازدواج منسوخ نکاح گمشدہ خاوند

اشتہار اخبار جاری ہو کر قوم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بمورخہ 13/3/2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنے دعویٰ کی پیروی کریں بصورت دیگر قوم مدعا علیہ کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 26/2/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

62856

EXTENSION IN DATE

EOI AB No.661/02-01/2026

EXPRESSION OF INTEREST - Hiring of Service Provider, i.e., Overseas employment promoters under agreement -Chief Minister's Youth Skill Development Program for Overseas employment (Phase-III)

Reference is made to our above-mentioned EOI initially published in the leading newspapers on **03rd January, 2026**. The tender deadline has been further extended till **30th March, 2026, at 12:00 PM**. Terms & conditions shall remain the same. The office of the Managing Director may be contacted for details or any queries.

The Bid Document shall be obtained from the office of the B-TETA after the submission of the challan for PKR 1000/- at the NBP Quetta Main Branch, on Head of Account MD B-TEVTA (C-02818).

AB No.948/06-03-2026

Managing Director B-TEVTA
Ph: 081-2870874

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے عوام الناس

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسلم باغ میں پرائیویٹ سودی کاروبار (ممنوعہ) عروج پر ہے اس اطلاع عام کے ذریعے عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ میں حاجی غلام صدیق سام خیل اپنی تمام منقولہ و غیرہ منقولہ جائیداد کا خود مالک و قابض ہوں میرے بیٹوں مسمیان محمد اقبال، یاسر خان، اکمل خان اور سمیر خان پسران غلام صدیق سام خیل کیساتھ اگر کسی بھی شخص یا اشخاص نے پرائیویٹ سودی کاروبار (ممنوعہ) کا لین دین (نقد رقم یا اجناس) کی شکل میں کرنے کی کوشش کی تو وہ شخص یا اشخاص اپنے نقصان کے خود ذمہ دار ہونگے اور میں ایسے شخص یا اشخاص کے خلاف انسداد پرائیویٹ سودی کاروبار (ممنوعہ) کے قانون پرائیویٹ منی لینڈنگ کے ممانعت قانون کے (سیکشن 03) بمعہ دیگر سیکشن کے مطابق کارروائی کرنے میں حق بجانب ہوں گا

منجانب:۔ حاجی غلام صدیق ولد خیر محمد
سکنہ سم خیل، تحصیل مسلم باغ ضلع قلعہ سیف اللہ

نصیرآباد: پاکستان ڈے اسپورٹس فیسٹیول کی سرگرمیاں جاری

وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر اسپورٹس حکام کی نگرانی میں انعقاد، مختلف کھیلوں کے مقابلے، شوٹنگ بال کا سنسنی خیز فائنل میچ کھیلا گیا

فائنل میچ میں نوجوان کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی، شائقین کھیل کی بڑی تعداد کی شرکت، دلچسپ مقابلے پر تماشائیوں کی بھرپور داد

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ضلع نصیرآباد میں ماہ صیام کے موقع پر پاکستان ڈے کے حوالے سے اسپورٹس فیسٹیول کی سرگرمیاں تیزی کے ساتھ جاری ہیں۔ یہ اسپورٹس فیسٹیول وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے احکامات، وزیراعلیٰ بلوچستان کی ایڈوائزر برائے اسپورٹس اینڈ یوتھ مینا مجید بلوچ کی ہدایت اور صوبائی سیکرٹری اسپورٹس اینڈ یوتھ درا خان بلوچ جبکہ ڈائریکٹر جنرل اسپورٹس ڈاکٹر یاسر خان بازئی کی کاوشوں سے منعقد کیا جا رہا ہے جس کی نگرانی ڈویژنل ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس نصیرآباد فیروز خان ابڑو کر رہے ہیں۔ اسپورٹس فیسٹیول کے دوران مختلف کھیلوں کے مقابلوں کے ساتھ ساتھ شوٹنگ بال کا سنسنی خیز فائنل میچ بھی کھیلا گیا جس میں نوجوان کھلاڑیوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور اپنی بہترین کھیل مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے حاضرین سے خوب داد وصول کی۔ فائنل میچ کے موقع پر شائقین کھیل کی بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے دلچسپ مقابلے سے بھرپور لطف اٹھایا اور کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر عوامی حلقوں کی جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی جانب سے نوجوانوں کے لیے فراہم کردہ صحت مند سرگرمیوں اور کھیلوں کے فروغ کے اقدامات کو بھی بے حد سراہا گیا۔ فائنل میچ کے مہمان خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس نصیرآباد فیروز خان ابڑو تھے جنہوں نے کھلاڑیوں سے تعارف حاصل کیا اور ان کے ساتھ گروپ فوٹو سیشن بھی کیا۔ اس موقع پر شوٹنگ بال ڈسٹرکٹ نصیرآباد کے سرپرست اعلیٰ بابو شکر الدین تمیع، صدر خدا بخش رند، کوچ حفیظ اللہ جمالی، کیپٹن نثار انجم مینگل، وائس کیپٹن اسرار احمد، احسان اللہ قریشی، پریس کلب کے سینئر نائب صدر علی جان مگسی، حفیظ رحمان، ناصر رند، یاسر علی، لشکر خان، وحید مینگل، اسرار احمد، اعجاز احمد، فرحان علی سوہنگی، زاہد حسین سوہنگی سمیت دیگر افسران کھلاڑی اور معززین بھی موجود تھے فائنل میچ کے موقع پر شائقین اسپورٹس اور کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس نصیرآباد فیروز خان ابڑو نے کہا کہ ماہ صیام کے مقدس مہینے میں عوام کو صحت مند تفریحی مواقع فراہم کرنے اور مختلف کھیلوں میں مہارت رکھنے والے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے بہترین پلیٹ فارم مہیا کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسپورٹس فیسٹیول کا مقصد نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا اور انہیں کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے تاکہ ضلعی اور ڈویژنل سطح کے بعد یہ باصلاحیت کھلاڑی صوبائی سطح پر بھی اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر کے نصیرآباد اور بلوچستان کا نام روشن کر سکیں۔

نصیرآباد: ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس فیروز خان ابڑو شوٹنگ بال فائنل میچ کے فاتح اور رنر اپ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

ثانیہ اشفاق کرکٹر عماد وسیم کی منافقت سامنے لے آئیں

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستانی کرکٹ اور شوبز سے جڑی ایک اور کہانی سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گئی، عماد وسیم اور ان کی سابق اہلیہ ثانیہ اشفاق کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ایک بار پھر وائرل ہوگیا۔ ثانیہ اشفاق جو اپنے تین بچوں کی تنہا پرورش کر رہی ہیں کا کہنا ہے کہ بچوں کو والد کی جانب سے نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ عماد وسیم نے اپنی بیٹی عنایا عماد کی سالگرہ کے موقع پر سوشل میڈیا پر تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ پیدائش کے موقع پر دی گئی انگوٹھی بابا آپ سے بہت محبت کرتے ہیں۔ اس پوسٹ کے جواب میں ثانیہ اشفاق نے بھی اپنی بیٹی کے نام پیغام میں لکھا کہ میری خوبصورت بیٹی کو یا تجھے سالگرہ مبارک ہو۔ تم ایک ایسے بچپن کی مستحق ہو جو محبت، تحفظ اور استحکام سے بھرپور رہو۔

ٹی 20 ورلڈکپ 2026 'پلیئر آف دی ٹورنامنٹ' کیلئے نامزدگیوں کا اعلان

صاحبزادہ فرحان نے 160.25 کے اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ 383 رنز بنائے

دبئی (یو این پی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کیلئے نامزدگیوں کا اعلان کر دیا۔ آئی سی سی کی جانب سے پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کے لیے نامزد کیے جانے والے کھلاڑیوں میں پاکستان کے صاحبزادہ فرحان بھی شامل ہیں۔ صاحبزادہ فرحان نے 7 میچز میں 76.60 کی اوسط اور 160.25 کے اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ 383 رنز بنائے جبکہ انہوں نے 6 اننگز میں 383 رنز بنا کر ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے ایک ایڈیشن میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ بھی قائم کیا۔ صاحبزادہ فرحان نے سری لنکا اور نمیبیا کے خلاف سنچریاں اسکور کیں، وہ ایک ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں دو سنچریاں بنانے والے واحد بیٹر ہیں۔ آئی سی سی کی جانب سے انڈیا کے سنجو سیمسن بھی پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کے لیے شارٹ لسٹ کیے جانے والوں میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ انگلینڈ کے ول جیکس، جنوبی افریقہ کے لونگی نگیڈی اور ایڈن مارکرم بھی نامزدگیوں میں شامل ہیں جبکہ نیوزی لینڈ کے راچن رویندرا، ویسٹ انڈیز اور امریکہ کے شادلے وین سکالوک کو بھی بہترین کھلاڑیوں میں نامزد کیا گیا ہے۔

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان سیمی فائنل میں کئی ریکارڈز چکنا چور

ویسٹ انڈیز کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے ناک آؤٹ میچ میں 200 سے زائد رنز بنانے کا اعزاز حاصل تھا

احمد آباد (این این آئی) بھارت اور انگلینڈ کے درمیان ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 کے سیمی فائنل میں ایک شاندار مقابلہ ہوا تاہم کئی ریکارڈز چکنا چور ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق میچ میں دونوں ٹیموں نے مجموعی طور پر 499 رنز بنائے، جو ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ رنز کا دوسرا بڑا مجموعہ ہے۔ بھارت نے 253 رنز بنائے، جو ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں کسی بھی ناک آؤٹ میچ میں سب سے زیادہ رنز تھے، جبکہ انگلینڈ نے 246 رنز اس فہرست میں دوسرے نمبر رہے۔ اس میچ سے قبل صرف ویسٹ انڈیز کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے ناک آؤٹ میچ میں 200 سے زائد رنز بنانے کا اعزاز حاصل تھا۔ اس میچ میں انگلینڈ کے جیکب بیتھل نے 105 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، جو ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے ناک آؤٹ میچ میں سب سے بڑا انفرادی اسکور ہے۔ بھارت کی طرف سے سنجو سیمسن نے 89 رنز بنائے۔

کوئنز لینڈ: مقابلہ وسٹرن آسٹریلیا کھلاڑی وکٹ لینے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں



مانچسٹر: انگلش پریمیئر لیگ کے دوران مانچسٹر سٹی کے ہسپانوی کھلاڑی مخالف ٹیم کے خلاف گول کر رہے ہیں

ٹی 20 ورلڈکپ 2026 پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کیلئے نامزدگیوں کا اعلان، پاکستانی کھلاڑی بھی شامل

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کیلئے نامزدگیوں کا اعلان کر دیا۔ آئی سی سی کی جانب سے پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کے لیے نامزد کیے جانے والے کھلاڑیوں میں پاکستان کے صاحبزادہ فرحان بھی شامل ہیں۔ صاحبزادہ فرحان نے 7 میچز میں 76.60 کی اوسط اور 160.25 کے اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ 383 رنز بنائے جبکہ انہوں نے 6 اننگز میں 383 رنز بنا کر ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے ایک ایڈیشن میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ بھی قائم کیا۔ صاحبزادہ فرحان نے سری لنکا اور نمیبیا کے خلاف سنچریاں اسکور کیں، وہ ایک ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں دو سنچریاں بنانے والے واحد بیٹر ہیں۔ آئی سی سی کی جانب سے انڈیا کے سنجو سیمسن بھی پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کے لیے شارٹ لسٹ کیے جانے والوں میں شامل ہیں۔

بلوچستان کے کھلاڑی ملک وقوم نام روشن کر رہے ہیں، نور احمد رند

بلوچستان میں کھیلوں کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے سیکرٹری نور احمد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان کے کھلاڑی بین الاقوامی مقابلوں میں ملک وقوم نام روشن کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں جاری پاکستان رمضان سپورٹس فیسٹیول میں دو روزہ جوڈو کے مقابلوں کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کھیلوں کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان دو روزہ جوڈو کے مقابلوں میں صوبہ بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ ایونٹ میں مردوں کی پانچ اور خواتین دو ویٹ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں، مردوں کے مقابلوں میں 50 کلوگرام، 55 کلوگرام، 60 کلوگرام، 66 کلوگرام اور 73 کلوگرام جبکہ خواتین کے 48 کلوگرام اور 57 کلوگرام کے مقابلے شامل ہیں۔ 7 مارچ کو مقابلوں کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے

کیا بابر اعظم کو ٹیم سے نکالنے سے پہلے اعتماد میں لیا گیا تھا؟ احمد شہزاد

بابر اعظم اب بھی ون ڈے اور ریڈ بال کرکٹ میں پاکستان کے بہترین بیٹر ہیں اور ٹیم کو ان کی ضرورت ہے، گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق قومی بیٹر احمد شہزاد نے سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ کیا بابر اعظم کو ٹیم سے نکالنے سے پہلے اعتماد میں لیا گیا تھا؟ اگر بابر نے پاکستان کرکٹ کو نقصان پہنچایا ہے تو واضح طور پر بتایا جائے، ورنہ وہ اس سلوک کے مستحق نہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بابر اعظم اب بھی ون ڈے اور ریڈ بال کرکٹ میں پاکستان کے بہترین بیٹر ہیں اور ٹیم کو ان کی ضرورت ہے۔

فاسٹ بولر سلمان مرزا کا نجی ٹی وی چینل کے صحافی کیخلاف لیگل ایکشن لینے کا فیصلہ

پاکستان کرکٹ بورڈ نے خبر کو فوری طور پر مسترد کرتے ہوئے اسے غیر مصدقہ اور گمراہ کن قرار دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیم کے فاسٹ بولر سلمان مرزا نے ایک نجی نیوز چینل کی جانب سے نشر کی جانے والی خبر پر سخت ردعمل دیتے ہوئے صحافی کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 کے لیے سری لنکا کے دورے کے دوران پاکستانی کھلاڑی نامناسب رویے میں ملوث تھے اور ہوٹل انتظامیہ نے اس حوالے سے ٹیم مینجمنٹ کو باضابطہ شکایت بھی کی تھی۔ رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ مبینہ واقعے کے بعد ٹیم مینجمنٹ نے معاملے کا جائزہ لیا اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر کھلاڑی پر جرمانہ عائد کیا گیا تاہم پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے اس خبر کو فوری طور پر مسترد کرتے ہوئے اسے غیر مصدقہ اور گمراہ کن قرار دیا۔ بورڈ نے کہا کہ بغیر تصدیق کے اس طرح کی خبریں نشر کرنا بدنیتی اور غیر ذمہ دارانہ صحافت ہے اور اس معاملے پر ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ بعد ازاں فاسٹ بولر سلمان مرزا نے بھی سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے خبر کی سختی سے تردید کی اور کہا کہ میڈیا پر ایک بے بنیاد خبر گردش کر رہی ہے اور وہ اس قسم کی سستی صحافت کی مذمت کرتے ہیں، کوئی بھی میڈیا ہاؤس غیر تصدیق شدہ خبر نشر نہیں کر سکتا۔ سلمان مرزا نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ پہلے ہی اس خبر کو جھوٹا اور بے بنیاد قرار دے چکا ہے اور وہ اس معاملے پر قانونی کارروائی کریں گے۔ انہوں نے حکومت پاکستان سے بھی اپیل کی کہ غلط معلومات پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

ٹرمپ کا ایران میں حملے کا بیان، میسی اور انٹر میامی کے کھلاڑیوں کی تالیاں، شدید تنقید کا سامنا

ٹرمپ نے ان حملوں کی تفصیل بیان کرتے ہوئے ایران میں ہونے والی بمباری کا ذکر کیا، جس میں حالیہ دنوں میں سینکڑوں بچے شہید ہو گئے ہیں

اس دوران، لیونل میسی اور لوئس سواریز سمیت ان کے ساتھی کھلاڑیوں نے ٹرمپ کی باتوں پر تالیاں بجائیں، جو کہ بظاہر ایک غیر معمولی اور متنازعہ ردعمل تھا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ارجنٹائن کے فٹبال اسٹار لیونل میسی نے اپنی کلب ٹیم انٹر میامی کے ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے وائٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ امریکی صدر نے ان کے کلب کو دسمبر میں امریکا کی سب سے بڑی فٹ بال لیگ، میجر لیگ ساکر چیمپئن شپ کا ٹائٹل پہلی بار جیتنے پر مبارکباد پیش کی۔ ان کی یہ ملاقات واشنگٹن میں ڈی سی یونائیٹڈ کے خلاف ہونے والے ایم ایل ایس میچ سے پہلے ہوئی۔ اس موقع پر ٹرمپ نے میڈیا کے سامنے اس کامیابی کا جشن مناتے ہوئے گفتگو کی، جس دوران انہوں نے ایران میں جاری امریکی اور اسرائیلی حملوں کے حوالے سے تازہ معلومات فراہم کیں۔ ٹرمپ نے ان حملوں کی تفصیل بیان کرتے ہوئے ایران میں ہونے والی بمباری کا ذکر کیا، جس میں حالیہ دنوں میں سینکڑوں بچے شہید ہو گئے ہیں۔ اس دوران، لیونل میسی اور لوئس سواریز سمیت ان کے ساتھی کھلاڑیوں نے ٹرمپ کی باتوں پر تالیاں بجائیں، جو کہ بظاہر ایک غیر معمولی اور متنازعہ ردعمل تھا۔

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ، ویسٹ انڈین ٹیم اب بھی وطن واپسی کی منتظر

کولکتہ (آن لائن) ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ سے باہر ہونے والی ویسٹ انڈین کرکٹ ٹیم بدستور بھارت سے وطن واپس جانے کی منتظر ہے۔ تفصیلات کے مطابق مشرق وسطیٰ میں کشیدگی سے فضائی راستے بند ہونے کی وجہ سے ان کی واپسی میں تاخیر ہو رہی ہے۔ اگرچہ زمبابوین اسکواڈ کا پہلا بیچ وطن واپس روانہ ہو چکا ہے مگر ویسٹ انڈین ٹیم کو واپسی کا انتظار ہے۔ ورلڈکپ سے باہر ہونے کے پانچ دن بعد بھی کھلاڑی اور اسٹاف کولکتہ کے ایک ہوٹل میں مقیم ہیں۔ صورتحال سے گھبرا کر ویسٹ انڈین کوچ ڈیرن سیمی گزشتہ روز نے سوشل میڈیا پر پوسٹ کی تھی کہ میں گھر واپس جانا چاہتا ہوں۔

جاپان کو شکست، پاکستان نے 8 برس بعد ہاکی ورلڈکپ کیلئے کوالیفائی کرلیا

پاکستان نے میچ کے پہلے ہاف میں 1 جبکہ چوتھے ہاف میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مزید 3 گول سکور کیے

جاپان کو کوالیفائرز کے سیمی فائنل میں 3-4 گول سے شکست، گول کیپر علی رضا کی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ' رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے ورلڈکپ کوالیفائرز کے سیمی فائنل میں سنسنی خیز مقابلے کے بعد جاپان کو 3 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے کر ہاکی ورلڈکپ 2026 کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ مصر میں جاری ورلڈکپ کوالیفائرز کے سیمی فائنل میچ میں پاکستان کی طرف سے پہلا گول محمد عماد نے نویں منٹ میں کیا جس پر جاپان نے 21 ویں منٹ میں گول کر کے برتری برابر کردی۔ ساتھ ہی 35 ویں اور 41 ویں منٹ میں گول کر کے پاکستان کیخلاف 1-3 سے سبقت حاصل کرلی۔ میچ کے آخری کوارٹر میں گرین شرٹس کی جانب سے ابو محمد، سفیان خان اور افراز نے 52 ویں، 55 ویں اور 57 منٹ میں گول کر کے دوبارہ سبقت حاصل کرتے ہوئے سکور 3-4 گول کر دیا۔ میچ کے آخری لمحات میں پاکستان کے گول کیپر علی رضا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جاپان کے پنلٹی اسٹروک پر اہم گول بچایا اور ٹیم کی فتح یقینی بنائی۔ اس کامیابی کے ساتھ پاکستان نے آٹھ سال بعد ہاکی ورلڈکپ کے لیے کوالیفائی کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔

محمد عامر کی سلیکٹرز سے بڑے کھلاڑیوں کو شامل نہ کرنے پر وضاحت طلب

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر محمد عامر نے بنگلہ دیش کے خلاف ون ڈے سیریز کے لیے اسکواڈ میں بابر اعظم اور صائم ایوب کو شامل نہ کرنے پر سلیکٹرز سے وضاحت طلب کر لی۔ ایک انٹرویو میں محمد عامر نے کہا کہ سب سے اہم سوال یہ ہے کہ آیا بابر اعظم اور صائم ایوب کو کارکردگی کی بنیاد پر ٹیم سے نکالا گیا ہے یا صرف آرام دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واضح ہونا چاہیے کہ کیا صائم اور بابر کو ٹی ٹوئنٹی کارکردگی کی بنیاد پر ون ڈے ٹیم سے ڈراپ کیا گیا ہے یا انہیں صرف اس فارمیٹ سے آرام دیا گیا ہے۔



اشتہار برائے بھرتی

حکومت بلوچستان محکمہ مواصلات و تعمیرات کو درج ذیل اسامیاں پر کرنے کے لئے متعلقہ ضلع کے لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

ضلع لورالائی

سیریل نمبر	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	ڈرائیور	4	8	مڈل پاس، HTV/LTV لائسنس یافتہ اور بطور ڈرائیور دو سال کا تجربہ رکھتا ہو
2	جیپ ڈرائیور	4	1	مڈل پاس، HTV/LTV لائسنس یافتہ اور بطور ڈرائیور دو سال کا تجربہ رکھتا ہو
3	کلینر	2	3	خواندہ۔
4	نائب قاصد	1	5	خواندہ۔
5	چوکیدار	1	5	خواندہ۔
6	مالی	1	1	خواندہ اور بطور مالی تجربہ رکھتا ہو۔
7	سویپر	1	2	خواندہ۔

ضلع دکی

سیریل نمبر	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	نائب قاصد	1	1	خواندہ۔
2	چوکیدار	1	2	خواندہ۔

ضلع موسیٰ خیل

سیریل نمبر	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	ڈرائیور	4	1	مڈل پاس، HTV/LTV لائسنس یافتہ اور بطور ڈرائیور دو سال کا تجربہ رکھتا ہو
2	کلینر	2	2	خواندہ۔
3	چوکیدار	1	6	خواندہ۔
5	سویپر	1	2	خواندہ۔

ضلع بارکھان

سیریل نمبر	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	جیپ ڈرائیور	4	2	مڈل پاس، HTV/LTV لائسنس یافتہ اور بطور ڈرائیور دو سال کا تجربہ رکھتا ہو

ضلع ژوب

سیریل نمبر	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	ڈرائیور	4	2	مڈل پاس، HTV/LTV لائسنس یافتہ اور بطور ڈرائیور دو سال کا تجربہ رکھتا ہو
2	چوکیدار	1	2	خواندہ۔
2	کک	1	2	خواندہ۔

ضلع قلعہ سیف اللہ

سیریل نمبر	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	ڈرائیور	4	6	مڈل پاس، HTV/LTV لائسنس یافتہ اور بطور ڈرائیور دو سال کا تجربہ رکھتا ہو
2	کلینر	2	2	خواندہ۔
3	چوکیدار	1	1	خواندہ۔
6	مالی	1	1	خواندہ اور بطور مالی تجربہ رکھتا ہو۔
7	سویپر	1	2	خواندہ۔

شرائط و ضروری ہدایات:۔ (1) بھرتی حکومت بلوچستان کے مروجہ ریکروٹمنٹ پالیسی 1991 کے تحت ہونگے۔ (2) عمر کی حد 18-28 سال تک ہونی چاہیے تاہم عمر میں بالائی حد کی رعایت سرکاری قوانین کے تحت دی جا سکے گی (3) حکومت بلوچستان کے پالیسی کے مطابق معذور، خواتین اور اقلیتوں کے لئے 5% فیصد کوٹہ مختص کی گئی ہے (4) سرکاری ملازمین اپنے محکموں کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں (5) ٹیسٹ اور انٹرویو کا اعلان بعد میں بذریعہ ابلاغ کیا جائیگا (6) ٹیسٹ اور انٹرویو میں آنے والے امیدواروں کو کوئی ٹی اے / ڈی اے نہیں دیا جائیگا (7) خواہشمند امیدواران اپنے درخواست بمعہ 2 عدد تصاویر، شناختی کارڈ، لوکل / ڈومیسائل اور متعلقہ تعلیمی دستاویزات کی نقول مورخہ 04-04-2026 تک اپنے متعلقہ ضلع کے ایکسین روڈ کے دفتر میں دفتری اوقات کار میں جمع کرائیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست وصول نہیں کی جائیگی۔

چیف انجینئر لورالائی / ژوب زون محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان چیئرمین سلیکشن کمیٹی

PRQ No 4079/06-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اوستہ محمد: مزدوروں کا رمضان پیکج نہ ملنے پر احتجاجی مظاہرہ

اوستہ محمد (آن لائن) رمضان پیکج سے محروم مزدوروں نے احتجاجی مظاہرہ کیا ... ڈپٹی کمشنر ضلع اوستہ محمد کے رات کی تاریکی میں اپنے من پسند لوگوں کو رمضان پیکج سے نوازا ہے جو کہ قابل مذمت عمل ہے رمضان پیکج سے کوئی بھی حق دار افراد کو ریلیف نہیں ملی انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ ضلعی انتظامیہ اوستہ محمد کی رمضان پیکج میں مزدور طبقہ کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کا فوری نوٹس لیں

نصیرآباد: ڈی سی ذوالفقار علی کرار منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نصیرآباد: سکیورٹی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، ڈی سی

... حوالے سے منعقدہ ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، ڈی ایس پی ثمن علی سوہنگی، پی ایس او ٹو ڈپٹی کمشنر منظور شیرازی سمیت مختلف سرکاری اور نجی بینکوں کے مینیجرز اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران ضلع میں قائم بینکوں کی سکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ... یقینی بنایا جائے گا اور ضلع میں قائم تمام سرکاری و نجی بینکوں کی سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے جامع اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ تمام نجی بینکوں کے مینیجرز اس امر کو یقینی بنائیں کہ اپنی بینکوں کی سکیورٹی ہوم ڈیپارٹمنٹ سے باقاعدہ طور پر کلیئر کروائی جائے جبکہ بینکوں کی حفاظت پر مامور سکیورٹی گارڈز اور دیگر عملے کی مکمل چھان بین بھی کرائی جائے تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے سے بروقت نمٹا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے حفاظتی اقدامات پر سختی سے عملدرآمد ناگزیر ...

نصیرآباد: سکول داخلہ مہم میں تعلیم کی اہمیت اجاگر کی گئی

نصیرآباد (نامہ نگار) سکول داخلہ مہم 2026 ... باشعور اور تعلیم یافتہ معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ خوش آئند امر ہے کہ ضلع نصیرآباد کے دور دراز گاؤں میں منعقد ہونے والی اس تعلیمی واک میں بچوں کے ساتھ ساتھ بچیوں نے بھی بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا۔ بچیوں کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ اگر انہیں مناسب مواقع اور حوصلہ افزائی فراہم کی جائے تو وہ بھی تعلیم اور مثبت سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کر سکتی ہیں۔

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. The Assistant Director Local Government & Rural Development Department Kachhi has invited the sealed tender as per Composite Schedule of Rates 2023 Government of Balochistan from the interested firms/ contractors of following work:

S.NO	NAME OF WORK	E/COST
1	Construction of Road Drain & Installation of Home Solar System UCs of Tehsil Dhadar District Kachhi **TSE-252603993103**	40,000,000/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **BASIC ELIGIBITY:** The Firms must have valid registration with Pakistan Engineering Council who also has deposited case for renewal (2025-26) in relevant Category, and registration with tax authorities i.c. (NTN and BRA), including similar nature work experiences & Bank Statement (Tumover). Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-5 or above with relevant specialization code. Valid Registration with Income Tax with active tax payer list (ATLS) Valid Registration with Income BRA with active tax payer list (ATLS) Other Mandatory conditions and Detail Marking Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope procedure. **ISSUANCE:** The Firms can obtain the bidding Documents from the office of the Assistant Director Local Government & Rural Development Department Kachhi upon payment (nonrefundable) bidding document fee Rs. 2000/- tender mentioned above deposited in government treasury under head C-03870 through Green Challan Form in National Bank of Pakistan(NBP),.(The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk. **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit or Call deposit of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Issuance of tender Documents**: Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk. **Last Date of bid submission**: Bid can only be submitted electronically latest by 30th March, 2026 till 10:00 AM **through supplier dashboard**. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at 11:00 AM **on EPPS System**. **Address**: office of the Assistant Director Local Government & Rural Development Department Dhadar Phone No: 03327886891 Email: qazi.shoran@gmail.com Bid Validity Period: Ninety (90)

ASSISTANT DIRECTOR
Local Government & Rural Development Department Kachhi

PRQ No.4072/06-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252603992293 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The URBAN PLANNING & DEVELOPMENT invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Provision of Home Solar Systems in Loiband Area, District Killa Saifullah (PSDP No. Z2025.2594)	49,504,737

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 34,653,315 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . Valid PEC Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest not blacklisted no major litigation no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract Bidder must have completed at least 3 similar projects each with cost not less than 60 percent of the estimated cost undertaking and completed during the last 5 years (sublet/ Sub contracting is not acceptable) CDR and Green Challan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **19 March, 2026till 09:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **10:00 AM on EPPS System Address:** URBON PLANNIN& DEVELOPMENT ZHOB

Phone no: 3138201082 **Email:** engmajeeb001@gmail.com

Executive Engineer Urban Planing & Development Department Zhob

PRQ No.4069/06-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

احترام رمضان ہر مسلمان پر لازم ہے، قاری محمد اسماعیل

اس مہینے میں کی جانے والی عبادات کا اجر کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے، مولوی نور الدین

کوئٹہ (پ ر) نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے زیر اہتمام جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے معروف علماء کرام مفتی قاری محمد اسماعیل اور مولوی نور الدین نے رمضان المبارک کی عظمت، روزے کی فضیلت اور احترام رمضان کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کا مہینہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو عبادات کے ذریعے قرب حاصل کرنے کا بہترین موقع عطا فرماتا ہے۔ مفتی قاری محمد اسماعیل نے اپنے خطاب میں کہا کہ روزہ اسلام کے بنیادی ارکان میں شامل ہے اور اس کی فضیلت قرآن و حدیث میں واضح طور پر بیان کی گئی ہے۔ روزہ صرف بھوک اور پیاس برداشت کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ نفس کی اصلاح، صبر، تقویٰ اور اخلاقی تربیت کا ذریعہ بھی ہے۔ رمضان المبارک میں ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ عبادات میں اضافہ کرے، قرآن پاک کی تلاوت کرے، نمازوں کی پابندی کرے اور اپنے کردار کو بہتر بنانے کی کوشش کرے۔ احترام رمضان ہر مسلمان پر لازم ہے۔ اس مقدس مہینے میں نہ صرف روزہ رکھنا ضروری ہے بلکہ اس کے تقاضوں کو پورا کرنا بھی بے حد اہم ہے۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ رمضان کے تقدس کا خیال رکھیں، معاشرے میں اخلاقی اقدار کو فروغ دیں اور ایسے تمام کاموں سے اجتناب کریں جو اس بابرکت مہینے کے احترام کے منافی ہوں۔ اس موقع پر مولوی نور الدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک انسان کو اللہ تعالیٰ کے قریب کرنے کا مہینہ ہے۔ اس مہینے میں کی جانے والی عبادات کا اجر کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے روزہ انسان میں صبر، برداشت اور دوسروں کے دکھ درد کو سمجھنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ رمضان المبارک میں صدقہ و خیرات، زکوٰۃ اور فلاحی کاموں کی خصوصی ترغیب دی گئی ہے۔ معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند افراد کی مدد کرنا بھی رمضان المبارک کا اہم پیغام ہے۔ اس مقدس مہینے میں ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے اردگرد موجود غریب اور مستحق لوگوں کی مدد کریں تاکہ وہ بھی رمضان کی خوشیوں میں شریک ہو سکیں۔ اجتماع کے اختتام پر علماء کرام نے امت مسلمہ کی سلامتی، ملک کی ترقی اور معاشرے میں امن و استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ رمضان المبارک کے پیغام کو عام کرنے اور معاشرے میں اصلاح و بہتری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

لورالائی: کمشنر ولی محمد بڑیچ کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی کا عملہ شہر میں صفائی میں مصروف ہیں

ترقیاتی اسکیموں کے معیار اور شفافیت پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، نواز جتک

ترقیاتی منصوبے پی سی ون کے مطابق مکمل کیے جائیں گے، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے احکامات کی روشنی میں مفاد عامہ کے تحت ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ ضلع نصیرآباد میں جاری ہے۔ اسی سلسلے میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نصیرآباد احمد نواز جتک کی سربراہی میں بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹو (بی ایس ڈی آئی) پروگرام کے تحت مختلف ترقیاتی اسکیموں کے ٹینڈرز اوپن کیے گئے۔ ٹینڈرز کھولنے کا عمل ایگزیکٹو انجینئر لوکل گورنمنٹ ملک عرفان کاکڑ نے اے ڈی لوکل گورنمنٹ احمد نواز جتک کی نگرانی میں مختلف سرکاری کنٹریکٹرز کی موجودگی میں باضابطہ طور پر ٹینڈرز اوپن کیے۔ اس موقع پر متعلقہ افسران اور ٹھیکیداران کی بڑی تعداد بھی موجود تھی جن کے سامنے شفاف طریقہ کار کے مطابق ٹینڈرز کا جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ احمد نواز جتک نے اس موقع پر بتایا کہ ضلع نصیرآباد میں بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹو پروگرام کے تحت شروع کی جانے والی ترقیاتی اسکیموں کے ٹینڈرز حکومتی قواعد و ضوابط اور مقررہ معیار کے مطابق کھولے گئے ہیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وہ تمام ٹھیکیدار جو حکومتی معیار اور قواعد پر پورا نہیں اترے انہیں ڈس کوالیفائیڈ کر دیا گیا ہے جبکہ وہ کنٹریکٹرز جو مقررہ معیار پر پورا اترے انہیں کوالیفائیڈ قرار دیا گیا ہے

بعدالت سول جج / فیملی جج بارکھان

درخواست جانشینی نمبر 05/2026 آئندہ تاریخ پیشی 12/03/2026

1۔ لعل بی بی بیوہ اللہ داد 2۔ حسینہ بی بی 3۔ نور احمد 4۔ گل بی بی 5۔ خیر بی بی 6۔ جمال بی بی 7۔ جان بی بی 8۔ شیر احمد 9۔ نذیر احمد 10۔ شمینہ بی بی 11۔ بشیر احمد پسران / دختران مرحوم اللہ داد قوم ذوم کھیتران ساکنان محلہ گدائی تحصیل و بارکھان بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ مرحوم اللہ داد ولد دوست محمد پنشن واجبات وغیرہ منتقل فرمانے بابت پنشن از خزانہ سرکار زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ عنوان بالا سائلان نے عدالت میں گذاری ہے جسکی آئندہ تاریخ ساعت مورخہ 12/03/2026 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست کی بابت اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 02/032026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

سول جج / فیملی جج بارکھان

بقیہ 1 آپریشن غضب للحق

کی 237 چیک پوسٹیں تباہ کردی گئی ہیں جبکہ 38 چیک پوسٹوں پر قبضہ بھی کر لیا گیا ہے۔ وزیر اطلاعات کے مطابق کارروائی کے دوران افغان طالبان کے 205 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں اور آرٹلری گنز کو بھی تباہ کیا گیا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ فضائی کارروائیوں کے دوران افغانستان بھر میں 62 مختلف مقامات کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا گیا، جہاں دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور عسکری تنصیبات کو نقصان پہنچایا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ آپریشن کے مقاصد کے حصول کے لیے کارروائیاں جاری ہیں اور سیکیورٹی فورسز دشمن کے خلاف موثر حکمت عملی کے ساتھ پیش قدمی کر رہی ہیں۔

بقیہ 2 قیامت خیز بمباری

فوج کے مطابق امریکی Spirit 2-B اسٹیلتھ بمبار طیاروں نے گہرائی میں نصب ایرانی بیلسٹک میزائل لانچرز کو نشانہ بناتے ہوئے درجنوں طاقتور ہتھیار بم گرائے۔ رپورٹس کے مطابق حملے صرف تہران تک محدود نہیں رہے بلکہ شیراز، کرمان شاہ اور اصفہان کے اطراف بھی دھماکوں کی اطلاعات موصول ہوئیں جہاں ایران کے کئی میزائل اڈے موجود ہیں۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ نے خبردار کیا ہے کہ آنے والے دنوں میں ایران پر حملوں کی شدت مزید بڑھ سکتی ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق جنگ شروع ہونے کے بعد سے اب تک حملوں میں کم از کم 1230 افراد شہید ہو چکے ہیں جن میں 181 بچے بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق جنوبی ایران کے شہر میناب میں ایک گرلز اسکول پر حملے میں بھی بڑی تعداد میں بچوں کی شہادت ہوئی جس کی تحقیقات جاری ہیں۔ لبنان میں اسرائیل کے فضائی حملوں میں شہادتوں کی تعداد بڑھ کر 123 ہوگئی ہے جبکہ سیکڑوں افراد زخمی ہیں۔ لبنانی وزارت صحت کے مطابق اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں اب تک کم از کم 123 افراد جاں بحق اور 683 زخمی ہو چکے ہیں۔ لبنان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق اسرائیلی طیاروں نے جنوبی لبنان کے کئی قصبوں پر رات کے وقت فضائی حملے کیے جن میں بیروت کے جنوبی مضافات بھی شامل ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فضائیہ نے جنوبی علاقوں کے علاوہ مشرقی لبنان کے شہر دورس کو بھی نشانہ بنایا۔ اسرائیلی فوج کا دعویٰ ہے کہ ان حملوں میں حزب اللہ کے ٹھکانوں، ڈرون گوداموں اور تنظیم کی ایگزیکٹو کونسل کے ہیڈکوارٹرز کو نشانہ بنایا گیا۔ دوسری جانب حزب اللہ نے اسرائیلی شہریوں کو شمالی سرحد کے قریب واقع علاقوں کو خالی کرنے کی وارننگ دی ہے۔ تنظیم نے دعویٰ کیا کہ اس کے جنگجوؤں نے لبنان میں داخل ہونے والی اسرائیلی افواج کو مختلف مقامات پر نشانہ بنایا۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیلی حملوں کے باعث ہزاروں افراد اپنے گھروں سے نقل مکانی کر چکے ہیں اور بیروت کے جنوبی مضافات سے بڑی تعداد میں شہری محفوظ مقامات کی طرف منتقل ہو رہے ہیں۔ کئی متاثرہ خاندان ساحلوں اور عارضی پناہ گاہوں میں رہنے پر مجبور ہیں جبکہ انسانی بحران تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اس وقت ایران میں امریکی زمینی فوج بھیجنے پر غور کرنا وقت کا ضیاع ہوگا۔ امریکی ٹی وی کو دیے گئے ایک انٹرویو میں امریکی صدر نے کہا کہ فی الحال ایران میں امریکی فوج بھیجنے کا کوئی منصوبہ زیر غور نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں ایران کے خلاف زمینی کارروائی کے بارے میں سوچنا غیر ضروری ہے۔ ٹرمپ نے مزید دعویٰ کیا کہ ایران کو اس جنگ میں بھاری نقصان اٹھانا پڑا ہے اور اس نے اپنی بحریہ سمیت بہت کچھ کھو دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں ایرانی وزیر خارجہ کا یہ کہنا کہ ایران امریکا کے ممکنہ زمینی حملے کے لیے تیار ہے، بے بنیاد بات ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران کے ساتھ کسی بھی ممکنہ معاہدے اور وہاں نئی حکومت کے قیام کے بارے میں بڑا بیان سامنے آ گیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ ٹروتھ سوشل پر کہا کہ اب ایران کے لیے واحد قابل قبول راستہ غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈالنا بچا ہے۔ ایران کی پاسداران انقلاب نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیل اور امریکی اہداف کے خلاف آپریشن وعدہ صادق 4 کی 22 ویں لہر شروع کردی گئی ہے، دشمن کی تنصیبات پر خرمشہر 4 اور فتاح 2 بلیسٹک میزائل فائر کیے گئے ہیں۔ سپاہ پاسداران انقلاب نے آج امریکا اور صیہونی حکومت کی تنصیبات پر جدید ترین بلیسٹک میزائلوں سے حملہ کیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب نے اعلان کیا ہے کہ آپریشن وعدہ صادق 4 کے 21 ویں مرحلے میں میزائل اور ڈرونز کے مشترکہ حملوں کے ساتھ ساتھ متعدد وار ہیڈ رکھنے والے خیبر شکن میزائل تل ابیب میں مخصوص اہداف پر داغے گئے ہیں۔ ایرانی فوج کا کہنا ہے کہ ایران ایک طویل جنگ کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور جارح دشمن کو سزا دینے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دشمن کو مزید دردناک ضربوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ترجمان ایرانی فوج نے کہا کہ ایران کے پاس نئی عسکری حکمت عملی اور ہتھیار موجود ہیں جو ابھی بڑے پیمانے پر استعمال نہیں کیے گئے، تاہم ضرورت پڑنے پر انہیں بھی میدان میں لایا جائے گا۔ ایران نے لورستان میں امریکی ڈرون ایم کیو 9 اور تہران کے نواح میں ہرمس ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے، جس کی تصاویر بھی جاری کر دیں، حالیہ جنگ میں 75 سے زائد ڈرونز مار گرانے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے۔ ایران نے خبردار کیا ہے کہ اس کی جوابی فوجی کارروائیاں آنے والے دنوں میں مزید تیز اور وسیع ہوں گی۔ فضائی دفاعی نظام نے ملک بھر میں امریکی اور اسرائیلی طیاروں اور ڈرونز کو نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب گارڈز نے اصفہان میں اسرائیلی ڈرون ہیرون، مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کی ایک تحقیقاتی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایران نے حالیہ جنگ کے دوران خطے میں کئی اہم دفاعی نظاموں کو نشانہ بنایا۔ رپورٹ کے مطابق سیٹلائٹ تصاویر کے تجزیے سے پتا چلتا ہے کہ ایران نے جنگ کے ابتدائی مرحلے میں ہی اردن میں نصب جدید امریکی تھاڈ میزائل ڈیفنس سسٹم کے ریڈار کو تباہ کر دیا تھا۔ تحقیقی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ امارات میں بھی دو مختلف مقامات پر تھاڈ سسٹم کے ریڈار کو نشانہ بنایا گیا۔ تجزیے کے مطابق امارات میں موجود ریڈار عمارت کے اندر نصب ہونے کی وجہ سے اس کو پہنچنے والے مکمل نقصان کا درست اندازہ لگانا مشکل ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ قطر میں ایک ارلی وارننگ ریڈار سسٹم کو بھی تباہ کر دیا گیا۔ تحقیقی تجزیے کے مطابق ایران نے کمیونیکیشن نیٹ ورک، ریڈار اور جاسوسی آلات کو نشانہ بنا کر فضائی دفاعی نظام کو کمزور کرنے کی حکمت عملی اختیار کی۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ روس ایران کو امریکی فورسز پر حملے کیلئے انٹیلی جنس فراہم کر رہا ہے، جنرل ڈاکنی نے کہا کہ ریڈاروں کی تباہی سے امریکا اور صیہونی حکومت کی آنکھیں بند ہو گئی ہیں، اور دشمن کو مستقبل میں ایک "تکلیف دہ جنگ" کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب تک صرف ہتھیاروں کا معمولی حصہ استعمال کیا گیا ہے اور جلد ایسے ہتھیار سامنے لائیں جائیں گے جو پہلے کبھی استعمال نہیں ہوئے۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران اور امریکہ-اسرائیل کشیدگی کے درمیان خطے میں تناؤ مزید بڑھتا جا رہا ہے۔

بقیہ 3 پیٹرولیم مصنوعات

گا۔ نائب وزیر اعظم نے وزیر خزانہ اور وزیر پیٹرولیم مصنوعات کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے بعد دنیا بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 50 فیصد تک اضافہ ہوا ہے جبکہ وزیر اعظم اس معاملے کو دیکھ رہے ہیں تاکہ عوام پر بوجھ نہ پڑے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے کم سے کم بوجھ ڈالنے کیلئے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی بھی تشکیل دی جس کی سربراہی میں کر رہا ہوں اور اس حوالے سے ہم ہر روز عالمی مارکیٹ کی قیمتوں پر غور بھی کر رہے ہیں۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ کشیدگی کے حوالے سے ہم مسلسل رابطے میں ہیں، میں وزرائے خارجہ، وزیر اعظم سربراہان مملکت اور فیلڈ مارشل فوجی قیادتوں سے رابطے میں ہیں تاکہ اس کا مسائل کا حل نکل سکے۔ واضح رہے کہ آئی ایم ایف حکام نے گزشتہ روز پیٹرولیم مصنوعات کی عالمی قیمتوں میں اضافہ فوری پاس کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا تھا کہ پیٹرول اور ڈیزل ڈویلپمنٹ لیوی کا 30 جون تک کا 1468 ارب روپے کا ہدف پورا کیا جائے۔

بقیہ 4 واپسی جاری

کے مطابق آج گوادر کے گبد ریمدان بارڈر سے 65 طلبہ سمیت 84 پاکستانی وطن واپس پہنچ گئے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ چھ روز کے دوران 265 طلبہ سمیت مجموعی طور پر 800 سے زائد افراد گبد ریمدان بارڈر کے ذریعے پاکستان پہنچ چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ وطن واپس آنے والے تمام افراد کو ضروری سہولیات فراہم کرنے کے بعد ان کے آبائی علاقوں کی جانب روانہ کر رہا ہے۔

بقیہ 5 بحالی کا اعلان

پر پروازوں کو بحال کرنے کا اعلان کیا ہے۔ قومی ایئر لائن کے مطابق کراچی، لاہور اور اسلام آباد ایئر پورٹس پر 6 مارچ سے پروازوں کو بحال کر رہے ہیں، مجموعی طور دنیا کے 50 اسٹیشنز پر جمعہ سے پروازیں بحال کردی گئی ہیں۔

بقیہ 6 وزیراعلیٰ

کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہید کی بے مثال قربانی اور بلند حوصلے کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک و صوبے کی خدمت میں دی گئی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے لواحقین کے ساتھ فاتحہ خوانی بھی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 7 پابندیاں

میڈیا پر دباؤ اور سنسرشپ مزید بڑھا دی ہے۔ افغان میڈیا کے مطابق افغان طالبان نے صحافیوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ حملوں کی رپورٹنگ نہ کریں خصوصاً وہ جو انکے فوجی مراکز پر ہوئے ہیں۔ افغان طالبان نے میڈیا کو پاکستان کی فضائی کارروائیوں کے مقامات یا تعداد سے متعلق رپورٹنگ سے بھی روک دیا ہے۔ افغان میڈیا کو انتباہ جاری کیا گیا ہے کہ طالبان کی فوجی تنصیبات پر حملوں سے متعلق کوئی خبر شائع یا نشر نہ کی جائے۔

بقیہ 8 وزیراعلیٰ

الرحمن، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات) زاہد سلیم، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان، ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر وجہ شمار سمیت پلاننگ کمیشن اسلام آباد، پاکستان ریلوے اور سینٹرل بائی وے اتھارٹی کے نمائندگان نے بھی شرکت کی اجلاس میں گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے مالی سال 2025-26 کے سالانہ بجٹ کی منظوری دی گئی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے جی ڈی اے کے مالی معاملات میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی آڈٹ کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے محکمہ خزانہ کو ہدایت دی کہ جی ڈی اے کے مالی امور کا جامع آڈٹ کر کے اپنی مفصل رپورٹ آئندہ اجلاس میں پیش کی جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو مالی طور پر خود مختار بنانا وقت کی ضرورت ہے اور اتھارٹیز کا بنیادی مقصد اپنے وسائل میں اضافہ اور پائیدار ترقی کو یقینی بنانا ہونا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ادارے حکومت پر مالی بوجھ بننے کے بجائے اپنے وسائل پیدا کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ جی ڈی اے کی سالانہ آمدن صرف 7 کروڑ روپے جبکہ اخراجات 87 کروڑ روپے ہونا تشویشناک امر ہے جس کے لیے فوری اصلاحات ناگزیر ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ گوادر کی ترقی کے لیے ادارہ جاتی اصلاحات اور موثر مالی نظم و ضبط انتہائی ضروری ہے اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو ایک فعال اور موثر ادارہ بنانے کے لیے جامع اصلاحات متعارف کرائی جائیں گی تاکہ یہ ادارہ اپنے اہداف حاصل کر سکے۔

بقیہ 9 پیٹرولیم ڈیلرز

کی شدید قلت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر سپلائی بحال نہ ہوئی تو جیسے ملک بھر میں پیٹرول پمپس بند ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ایسوسی ایشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل چوہدری عرفان الٰہی نے کہا کہ ملک بھر میں پیٹرول کی سپلائی 50 فیصد تک گر گئی اور ڈیزل کی فراہمی معمول سے صرف 20 فیصد رہ گئی ہے، جس سے ٹرانسپورٹ کا شعبہ بری طرح متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ لاہور کے صدر جہانزیب ملک اور وسطی پنجاب کے صدر نعمان مجید نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ریٹیل آؤٹ لیٹس کو پیٹرول کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے انتظامیہ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ معائنے کے نام پر سپلائی ڈپوؤں کے بجائے پیٹرول پمپوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، بعض آئل کمپنیوں نے پیٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی شروع کر دی ہے تاکہ مصنوعی قلت پیدا کی جا سکے۔

بقیہ 10 بریفنگ

کے اس مکروہ دھندے میں ملوث ہوا ہے اسکو فوراً بند کیا جائے اور اسکا لائسنس منسوخ کر کے قانونی کارروائی کی جائے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پیٹرولیم مصنوعات سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس ہوا جس میں وزارت پیٹرولیم نے اجلاس کو خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں پیٹرولیم مصنوعات کے ذخیرے کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ملکی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کا مناسب ذخیرہ موجود ہے۔ اجلاس کے دوران وزیر اعظم نے صوبائی حکومتوں کو ہدایت دی کہ پیٹرولیم مصنوعات کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی پیٹرول پمپ مصنوعی قلت کے اس مکروہ دھندے میں ملوث ہوا ہے اسکو فوراً بند کیا جائے اور اسکا لائسنس منسوخ کر کے قانونی کارروائی کی جائے۔

بقیہ 11 اضافی فنڈز

نذر ہو گئے۔ واشنگٹن میں موجود امریکی تھنک ٹینک سینٹر فار اسٹریٹجک اینڈ انٹرنیشنل اسٹڈیز (CSIS) کی رپورٹ کے مطابق ایران کے خلاف امریکا کی جنگ کے ابتدائی 100 گھنٹوں میں تقریباً 3.7 ارب ڈالر کی بھاری لاگت آئی، جو اوسطاً روزانہ 891.4 ملین ڈالر بنتی ہے۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیر دفاع کے بیانات کے مطابق یہ جنگ کئی ہفتوں تک جاری رہ سکتی ہے، جس کے باعث محکمہ دفاع کو اس تازہ کی مالی اعانت کے لیے موجودہ بجٹ سے زیادہ فنڈز درکار ہوں گے۔

بقیہ 12 اسرائیلی دعویٰ

گیا ہے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ تہران میں ایک سینئر ایرانی کمانڈر کو فضائی حملے میں نشانہ بنایا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق حملے میں اصغر حجازی کو ہدف بنایا گیا ہے۔ ایرانی سینئر کمانڈر کو سپریم لیڈر دفتر کے قائم مقام چیف آف اسٹاف بتایا جا رہا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی 7 اہم

اللہ خامنہ ای کو شہید کرنے کے بعد اسی ہفتے کے آغاز میں کی گئی، تاہم حملے میں اصغر حجازی کو نقصان پہنچنے کی تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ 13 گورنر

ژوب بائی پاس کیلئے بروقت فنڈز کے اجراء پر وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور وفاقی وزیر مواصلات علیم خان کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر واضح رہے کہ عید کے بعد گورنر بلوچستان اپنے صوبائی وزراء کے ہمراہ مذکورہ بائی کا باقاعدہ دورہ بھی کرینگے۔ انہوں نے بی اینڈ آر پر زور دیا کہ وہ عید کے قبل ہر قسم کی ہیوی ٹریفک کیلئے متبادل راستہ کھولنے کا بھی اہتمام کریں تاکہ ژوب ڈویژن کے عوام اور مسافروں کو دیگر صوبوں تک بغیر کسی پریشانی کے رسائی ممکن ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ہائی وے کے ذمہ دار افسروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان نے کہا کہ ژوب بائی پاس وفاقی حکومت کا ایک اہم ترقیاتی منصوبہ ہے جس کی بروقت تکمیل سے نہ صرف ٹریفک کے بہاؤ میں کمی آئیگی بلکہ ژوب ڈویژن کے تمام رہائشیوں اور مسافروں کیلئے سفری سہولیات میں بہتری آئیگی۔

بقیہ 14 شیخ وقاص

رہنما شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ پاکستان کو فوری طور پر بورڈ آف پیس سے علیحدہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ تحریک انصاف نے واضح الفاظ میں اسرائیل اور امریکا کے حملے کی مذمت کی ہے۔ افغانستان جنگ ہو یا بیرونی مداخلت، پاکستان کے مفاد پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا۔

بقیہ 15 رانا ثنا

سمجھتے ہیں، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کشیدگی کو ختم کروانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پاکستان نے ایران پر حملے کی مذمت کی ہے۔ ہم نے کب کہا ہے اسرائیل کی حمایت کرتے ہیں صدر ٹرمپ کو نوبل انعام دیا جائے۔ ایک ٹی وی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ پاکستان کشیدگی کے خاتمے کیلئے کوشش کر رہا ہے، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل نے کوششیں کی اب بھی جاری ہیں کہ فریقین کے درمیان بات چیت ہو۔ پاکستان نے ایران پر حملے کی مذمت کی ہے۔

بقیہ 16 سرفراز بگٹی

بلوچ کی قیادت میں ایک وفد نے جمعہ کو یہاں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور اور بلوچستان میں جاری ترقیاتی عمل سمیت مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام، جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سیاسی قیادت کے درمیان مشاورت اور مشترکہ کاوشوں کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا دونوں رہنماؤں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے باہمی تعاون، سیاسی ہم آہنگی اور تعمیری طرز عمل ناگزیر ہے

بقیہ 17 صدر زرداری

بالخصوص سکردو کے بعض علاقوں میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا سخت نوٹس لے لیا ہے، جہاں پرتشدد مظاہروں کے باعث عوامی اور نجی بنیادی ڈھانچے کو وسیع نقصان پہنچا اور معمولات زندگی متاثر ہوئے۔ جاری اعلامیے کے مطابق انہوں نے کہا کہ پرامن احتجاج آئینی حق ہے، تاہم اسے قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے استعمال کیا جانا چاہیے۔ صدر نے عوامی، نجی اور غیر سرکاری تنظیموں کی املاک، بشمول سرکاری عمارتوں، تعلیمی اداروں اور بین الاقوامی اداروں کے دفاتر کو پہنچنے والے نقصان اور تباہی کی سخت مذمت کی۔

بقیہ 18 سنٹر قائم

نے تفتان بارڈر کے مقام پر ایمرجنسی سینٹر کھول دیا گیا ہے۔ ایدھی فاؤنڈیشن پاکستان کی جانب سے ایران میں حالیہ جنگ کی پیش نظر پاک ایران بارڈر تفتان کے مقام پر ایمرجنسی سینٹر کھول دیا گیا ہے۔ ایدھی فاؤنڈیشن پاکستان کے سربراہ فیصل ایدھی نے مطابق تفتان پاک ایران بارڈر پر ایمرجنسی میں طبی سہولیات کے لیے زخمیوں کی پاکستان آمد پر زخمیوں کو مختلف اسپتالوں تک پہنچانے کیلئے سروس فراہم کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 19 جسٹس ہاشم کاکڑ

سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے بانی پی ٹی آئی کی نظرثانی درخواستوں پر سماعت کی، وزیر اعظم شہباز شریف کے وکیل راشد حنیف کے معاون نے عدالت کو بتایا کہ راشد حنیف لندن میں ہیں، ان کی استدعا ہے کہ کیس آئندہ ہفتے تک ملتوی کیا جائے۔ جسٹس عائشہ ملک نے ریمارکس دیے کہ درخواست گزار کو سن لیتے ہیں، آئندہ سماعت پر دوسرے فریق کو سن لیں گے۔ جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا کہ عدالت نے کئی مرتبہ بانی پی ٹی آئی کو جواب کیلئے وقت دیا تھا، چار سال بعد تو دعوے کا جواب جمع کروایا گیا تھا، کیا اتنی تاخیر کے بعد بھی عدالت حکم جاری نہ کرتی؟ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے کہا کہ ٹرائل کورٹ کے دائرہ اختیار کو بھی ذہن میں رکھ کر دلائل دیں۔ لیبر سرعلی ظفر نے دلائل دیے کہ اصل مسئلہ بانی پی ٹی آئی کا زخمی اور اسپتال میں ہونا تھا، سپریم کورٹ کے فیصلے میں زخمی ہونے کے نقطے پر کوئی رائے نہیں دی گئی، ماضی میں کیا ہوا وہ معنی نہیں رکھتا، اصل بات یہ تھی کہ بیان حلفی جمع کرانے کی اجازت نہیں دی گئی ہے۔ علی ظفر نے دلائل میں کہا کہ سول کورٹ نے آٹھ نومبر تک بانی پی ٹی آئی کو بیان حلفی جمع کرانے کا حکم دیا، تین نومبر 2022 کو بانی پی ٹی آئی پر قاتلانہ حملہ ہوا، عدالت نے 8 اور 17 نومبر کی سماعتوں میں بانی پی ٹی آئی کا زخمی ہونا تسلیم کیا، بائیس نومبر 2022 کو عدالت نے حق دفاع ختم کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ علی ظفر نے دلائل میں کہا کہ یہ کوئی سزائے موت کا مقدمہ نہیں جو حق دفاع بحال ہونے سے مسئلہ ہوگا۔

بقیہ 20 تنخواہوں کی ادائیگی

موقع پر صوبے بھر کے سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو مارچ 2026 کی تنخواہیں، الاؤنسز اور پنشن قبل از وقت ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق مذکورہ ادائیگیاں 16 مارچ 2026 کو کی جائیں گی۔

بقیہ 21 خام تیل مہنگا

عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمت 9 فیصد تک بڑھ گئی۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق برینٹ خام تیل 92 ڈالر فی بیرل کی سطح پر پہنچ گیا ہے جبکہ ڈبلیو ٹی آئی خام تیل 88 ڈالر فی بیرل میں فروخت ہو رہا ہے۔ 2 روز قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ہر صورت آبنائے ہرمز کھلوانے کا اعلان کیا تھا کیونکہ ایران نے اعلان کیا تھا کہ ہر گزرنے کی کوشش کرنے والے جہاز کو راکھ میں بدل دیا جائے گا۔ امریکی صدر نے کہا تھا کہ وہ ہر صورت آبنائے ہرمز کھلوائیں گے۔

بقیہ 22 سندھ ہائیکورٹ

کرنے کا حکم دے دیا۔ ہائی ویز کی خراب صورتحال اور ٹریفک حادثات کے خلاف درخواست پر سندھ ہائیکورٹ میں سماعت ہوئی۔ این ایچ اے اور موٹروے پولیس حکام عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے این ایچ اے حکام پر اظہار برہمی کرتے ہوئے استفسار کیا کہ این ایچ اے ہائی ویز کی بہتری کے لیے کیا کام کر رہی ہے؟ ممبر جنوبی این ایچ اے عبدالطیف میمن نے بتایا کہ گیارہ منصوبے اور اسکیموں موجود ہیں۔ این ایچ اے سندھ کے تحت بحالی منصوبے بھی جاری ہیں۔

بقیہ 23 سعودی عرب

سعودی عرب کی جانب سے اس کے خلاف اپنی سرزمین استعمال نہ کرنے کے اعلان پر سعودی عرب کا شکریہ ادا کر دیا۔ سعودی عرب میں ایرانی سفیر علی رضا عنایتی نے کہا ہے کہ سعودی عرب نے ایران کے خلاف اپنی فضائی، بحری اور علاقائی حدود استعمال نہ کرنے کا اعلان کیا ہے، جس پر ایران سعودی عرب کا شکرگزار ہے۔

بقیہ 24 مہنگائی

۔ حالیہ ہفتے ہفتہ وار مہنگائی میں 0.37 فیصد اضافہ ہوا ہے اور سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح 4.70 فیصد رہی ہے۔ حالیہ ہفتے 13 اشیائے ضروریہ مہنگی اور 11 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی جبکہ 27 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کر دی گئی ہے۔ ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق انڈے 8.13 فیصد، ٹماٹر 10.04 فیصد، آلو 5.09 فیصد، پیاز 6.08 فیصد، دال مونگ کی قیمتوں میں 0.43 فیصد، دال چنا کی قیمتوں میں 0.50 فیصد، کوکنگ آئل کی قیمتوں میں 0.37 فیصد اور آٹے کی قیمتوں میں 2.40 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ چکن 10.46 فیصد، لہسن کی قیمتوں میں 1.023 فیصد، گڑ 0.30 فیصد، مٹن کی قیمتوں میں 0.65 فیصد، بیف کی قیمتوں میں 0.66 فیصد، دال ماش کی قیمتوں میں 0.51 فیصد، سرخ لال کی قیمتوں میں 0.43 فیصد، سرسوں کے تیل کی قیمتوں میں 0.24 فیصد، پیٹرول کی قیمتوں میں 3.06 فیصد، ڈیزل کی قیمتوں میں 1.84 فیصد، ایل پی جی کی قیمتوں میں 5.61 فیصد اور کیلوں کی قیمتوں میں 3.85 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 25 پیرکوکلیری

پھٹ گیا۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو ڈیرہ بگٹی کے علاقے پیرکوہ کلیری میں ویل نمبر 10 کے قریب سروے ٹیم کی گاڑی کے نزدیک دھماکہ ہوا تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

بقیہ 26 کھلاڑی غائب

کیشن ایجنسی نے تحقیقات شروع کردی ہیں۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق موصولہ شکایت میں بتایا گیا ہے کہ ماسکو میں منعقد ہونے والے نیشن کپ کرائے ٹورنامنٹ کے دوران ٹیم کے چند کھلاڑی اور اراکین مبینہ طور پر غائب ہو گئے۔ شکایت میں یہ الزام عائد کیا گیا ہے کہ ٹیم میں غیر متعلق افراد کو شامل کر کے انہیں یورپ فرار کرانے کی کوشش کی گئی۔ حکام کے مطابق لنڈی کوتل ضلع خیبر سے تعلق رکھنے والے کچھ کوچز اور اراکین کے حوالے سے بھی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 27 بہیمانہ تشدد

فتنہ الخوارج اور افغان طالبان کا خوست میں ایمونیشن ڈپو جانے فتنہ الخوارج کے کارندے لڑکی کو اغوا کر کے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بناتے رہے اور واقعے کی ویڈیو بھی بنائی لڑکی پر تشدد کی اس ویڈیو کے بعد عوامی حلقوں میں فتنہ الخوارج کیخلاف شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔

بقیہ 28 عینی شاہدین

والے طلباء نے کہا ہے کہ حملوں کے دوران زمین لرز اٹھتی تھی اور ہر طرف خوف و ہراس کا عالم تھا۔ متاثرین کے مطابق صورتحال اتنی سنگین تھی کہ انہیں اپنی جان بچانے کے لیے ہر ممکن طریقے سے سرحد کی جانب بھاگنا پڑا، جبکہ بہت سے خاندان اب بھی محفوظ مقامات کی تلاش میں در بدر ہو رہے ہیں۔ متاثرین نے اپنی آپ بیتی سناتے ہوئے کہا کہ حملوں کی شدت سے عمارتیں لرز جاتی تھیں اور دھماکوں کی آوازیں کانوں کے پردے پھاڑ دینے والی تھیں۔ سرحد پر پہنچنے والے شہریوں کا کہنا تھا کہ ایران کے مختلف علاقوں میں جاری فضائی کارروائیوں نے عام شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔

بقیہ 29 ڈرائیور ہلاک

سے تیس منٹ تک مسلسل فائرنگ کرتے رہے اس دوران پولیس نے بھی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے شدید جوابی فائرنگ کی پولیس کے مطابق موثر اور مربوط جواب ملنے سے مسلح افراد پسپا ہو کر فرار ہو گئے تاہم اس فائرنگ کے تبادلے کے دوران کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی جبکہ واقعے کے بعد پولیس نے کولواہ و گندا وہ جانے والے راستے سیل کر کے مسلح افراد کی تلاش شروع کر دی گئی۔ دریں اثناء خضدار کی تحصیل وڈھ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں معدنیات لے جانے والی گاڑی کا ڈرائیور جان کی بازی ہار گیا۔ یہ افسوسناک واقعہ وڈھ کے علاقے شہداد چیک پوسٹ کے قریب پیش آیا، جہاں مسلح افراد نے معدنیات سے لدی گاڑی کو نشانہ بنایا۔ فائرنگ کے نتیجے میں ڈرائیور گولی لگنے سے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ اور پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ پولیس نے لاش کو ہسپتال منتقل کرنے کے بعد ضروری قانونی کارروائی مکمل کی اور نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تفتیش کی جا رہی ہے اور فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 30 تحصیلدار جاں بحق

لیکر نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز نائب تحصیلدار کوئٹہ شیر دل اچکزئی اپنے اہلخانہ کے ہمراہ کوئٹہ سے آبائی علاقہ جا رہے تھے کہ راستے میں بولان کے علاقے کچھی میں نوشان کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے انہیں قتل کر دیا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا واقعہ کی اطلاع ملنے پر ایس ایچ او ڈھاڈر بھاری نفری، سیکورٹی فورسز اور لیویز کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لیکر نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ سی ٹی ڈی ایس ایچ سے واقعے کے بارے میں تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے تاہم آخری اطلاعات آنے تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

بقیہ 31 جنسی زیادتی

گیں، اس لیے الگ ٹرائل قانون کے مطابق ہیں۔ عدالت نے کہا کہ دونوں مقدمات کو یکجا کرنا ٹرائل کورٹ کا صوابدیدی اختیار ہے، لازمی قانون نہیں۔ تحریری فیصلہ جسٹس صلاح الدین نے جاری کیا۔ فیصلے میں سپریم کورٹ نے گواہوں کے بیان کے طریقہ کار سے متعلق بھی اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ بیان کے دوران گواہ کو کٹہرے میں کرسی فراہم کرنا لازمی ہوگا۔ عدالت کے مطابق قانون میں ایسی کوئی شرط نہیں کہ گواہ اپنا بیان لازمی طور پر کھڑے ہو کر ہی ریکارڈ کروائے جبکہ گواہ کو گھنٹوں کھڑا رکھنا انسانی وقار اور منصفانہ ٹرائل کے بنیادی آئینی حقوق کے منافی ہے۔

بقیہ 32 ویڈیو وائرل

کے اوول آفس میں جمع ہو کر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کامیابی کے لیے دعا کی۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ پادری صدر کو ریزولیوٹ ڈیسک کے گرد گھیرے کھڑے ہیں اور متعدد مذہبی رہنما دعا کے دوران صدر ٹرمپ پر ہاتھ رکھے ہوئے ہیں۔ یہ دعا امریکی صدر کے لیے صحت، تحفظ اور رہنمائی کی نیت سے کی گئی، جس میں وائٹ ہاؤس کے اعلیٰ حکام اور روحانی رہنماؤں نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 33 لیاقت بلوچ

جارحیت کو روکنے میں اپنا کردار ادا کریں پاکستان اپنی خود مختاری پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کریگا افغانستان کے ساتھ مذاکرات سے دہشتگردوں کے پاکستان پر حملے آج بھی جاری ہیں پاکستان، ایران، افغانستان کے ساتھ اچھے تعلقات کا خواہاں ہے کیونکہ بلوچستان میں بندوق اور گولی سے مسئلے حل نہیں ہوتے سیاسی طور پر مسائل کو حل ممکن بنایا جائے تاکہ دلوں میں پائی جانے والی نفرت کو ختم کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر رکن صوبائی مولانا ہدایت الرحمن، زاہد اختر بلوچ، مرتضیٰ خان کاکڑ، عبدالولی شاکر، عبدالحلیم رند، عارف دمڑ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں حکومتیں قیام امن کو یقینی بنانے میں ناکام ہو چکی ہیں۔ بلوچستان امن و امان کی خراب صورتحال پر لوگ شدید پریشان ہیں لیکن حکمرانوں اور ارباب اختیار سمیت سیکورٹی اداروں کو عوام کی مشکلات اور بگڑتی ہوئی بدامنی کی صورتحال کا ادراک نہیں جس کی وجہ سے اس کی بہتری کیلئے کوئی سنجیدہ اقدام نہیں اٹھایا گیا اور نہ ہی کوشش کی گئی ہے۔ اس حوالے سے عوام کو بدامنی اور مشکل حالات سے چھٹکارا دلانے کی ضرورت ہے جو حکومت کی ذمہ داری ہے وہ پوری کرے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل نے رجیم چینج کرنے لیے ایران پر حملہ کیا ایران میں مسلسل بمباری کر کے ان کے عوام کو سزا دی جا رہی ہے ایران کو دفاع کا حق حاصل ہے۔ بلوچستان کے عوام کو وفاق اور صوبائی حکومتوں سے شکوہ ہے اس لئے ان کے شکوے اور تحفظات کو دور کرنا ناگزیر ہے۔ بلوچستان کے عوام احساس محرومی کا شکار ہیں اس لئے انہیں اس محرومیوں سے چھٹکارا دلانے کی ضرورت ہے اس کے لئے فوری سنجیدہ کوششیں کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حق ہے کہ بلدیاتی انتخابات کا انہیں حق ملے لاپتہ افراد کے مسئلے کی وجہ سے بلوچستان کے عوام اور ان کے لواحقین عزیز و اقارب شدید پریشان ہیں حکومت لاپتہ افراد کے مسئلہ کو ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے نوجوان مایوس ہیں جن کی بیک میں بلوچستان کے عوام کو اعتماد میں نہیں لیا جا رہا ہے قومی شاہراہوں کی تعمیر نہیں ہو رہی ہے بنیادی مسائل کے حل پر توجہ نہیں دی جا رہی ہے بلوچستان کی خواتین خودکش بن رہی ہیں جو حکومت کی تذلیل کا باعث ہے بلوچستان کے مسائل کو سیاسی بنیادوں پر حل ہونا چاہیے گولی اور بندوق کے زور پر عوام کے دل نہیں جیتے جا سکتے وزیر اعظم کیلئے ناگزیر ہے کہ بلوچستان اور کے پی کے مسائل کے حل کیلئے قومی کانفرنس منعقد کریں ہم بلوچستان کے عوام کے ساتھ ہیں ہماری جدوجہد کا مقصد بلوچستان میں امن کا دیر پا اور مستقل قیام انتہائی ضروری ہے۔

بقیہ 34 جیل منتقل

گیا اس کے علاوہ 28 دکانوں کو سیل کیا گیا۔ اس حوالے سے سب ڈویژن سٹی میں 84 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، 16 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ 8 دکانیں سیل کی گئیں۔ سب ڈویژن (صدر) میں 72 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، 13 افراد کو گرفتار کیا گیا اور 6 دکانیں سیل کی گئیں۔ جبکہ سب ڈویژن (سریاب) میں 65 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، 15 افراد کو گرفتار کیا گیا، 5 افراد کو جیل منتقل کیا گیا جبکہ 5 دکانیں سیل کی گئیں اس کے علاوہ سب ڈویژن (کچلاک) میں 50 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، 09 افراد کو گرفتار کیا گیا اور 5 دکانیں سیل کی گئیں۔ اس میں ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ رمضان المبارک کے دوران مصنوعی مہنگائی، ذخیرہ اندوزی اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی عوامی شکایات کے ازالے اور اشیاء ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر دستیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ کریک ڈاؤن بلاتفریق جاری رہے گا تاکہ حقیقی معنوں میں عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 35 غیر قانونی تشدد

ایران پر حملے کے بعد جنگ ہماری دہلیز پر پہنچ چکی، لیاقت بلوچ

پاکستان سمیت بورڈ آف پیس کا حصہ بننے والے تمام ممالک ایران پر جاری جارحیت کو روکنے میں اپنا کردار ادا کریں

پاکستان اپنی خودمختاری پر کسی صورت کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، مسلم ممالک پر مسلط جنگ کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے

افغانستان سے دہشتگردوں کی جانب سے پاکستان پر حملے آج بھی جاری ہیں، جماعت اسلامی کے نائب امیر کا خطاب

کوئٹہ: ڈی آئی جی پولیس عمران شوکت امام بارگاہوں کا دورہ کرتے ہوئے سیکیورٹی کا جائزہ لے رہے ہیں

گورنر جعفر خان مندوخیل سے سابق ... ملاقات کر رہے ہیں

عوام کے مسائل حل کرنا ہمارا وژن ہے بخت محمد کاکڑ

عوام پرائیویٹ کی بجائے سرکاری ہسپتالوں کی طرف آئیں سہولیات فراہم کریں گے صوبائی وزیر

سرکاری سطح پر علاج و معالجہ ہر شہری کا بنیادی حق ہے، وفد سے بات چیت

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

میٹروپولیٹن اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائے سیکرٹری بلدیات

بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی غفلت یا کوتاہی کی گنجائش نہیں' عبدالرؤف بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور صوبے میں بلدیاتی نظام کی موثر فعالیت کو یقینی بنانے کے عزم کے تحت سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی بلوچستان عبدالرؤف بلوچ کی زیر صدارت میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ سے متعلق مختلف انتظامی، مالی اور ترقیاتی امور کا جائزہ لینے کیلئے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ حبیب الرحمان گمرانی، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بورڈ شجاعت علی، وحید .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی پسماندگی کے خاتمے کیلئے ملکر کردار ادا کرنا ہوگا، صوبائی وزراء

مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل، بلوچستان میں بسنے والی تمام اقوام ایک گلدستے کی مانند ہیں میر شعیب نوشیروانی

تحفظات کے خاتمے کیلئے حکومت سنجیدگی کے ساتھ کوشاں، آنے والے وقت میں صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا' سردار عبدالرحمان کھیتران

جو عناصر غلط فہمیاں اور نفرتیں پیدا کررہے ہیں وہ یہ حرکتیں چھوڑ دیں اس پر خاموش نہیں بیٹھیں گے' عاصم کرد گیلو/ولی نورزئی

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی فضائی دفاعی نظام کی کمزوری بے نقاب

واشنگٹن (م ڈ) امریکا اور اس کے اتحادیوں کو ایک بڑھتے ہوئے اسٹریٹیجک چیلنج کا سامنا ہے کیونکہ ایران بڑی تعداد میں کم قیمت حملہ آور ڈرونز استعمال کر کے دنیا کے جدید اور مہنگے فضائی دفاعی نظام کو چیلنج کر رہا ہے۔

کوئٹہ، ضلعی انتظامیہ کا کریک ڈاؤن' 58 افراد گرفتار 35 جیل منتقل

مہنگائی وسرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی

اشیاء ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر دستیابی کو یقینی بنایا جائے گا' ضلعی افسران کا عزم

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق ماہ رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف کی فراہمی اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن بھرپور انداز میں جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہر بھر میں 278 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، جس کے دوران خلاف ورزیوں پر 58 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ 35 افراد کو جیل منتقل کیا .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بختیار آباد: قبائلی تصادم، 8 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بختیار آباد میں دو قبائل کے درمیان مسلح تصادم آٹھ افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو سول اسپتال بختیار آباد منتقل کردیا پولیس کی کارروائی دونوں فریقین کے چھ افراد کو حراست میں لے لیا گیا پولیس کے مطابق بختیار آباد میں جمعہ کے روز جاچڑ محلہ میں اعوان اور گور قبائل کے درمیان تکرار پر مسلح تصادم لاٹھیوں اور ڈنڈوں کا آزادانہ استعمال جس کے نتیجے میں محمد رفیق اعوان بابو غلام رسول گور سمیت آٹھ افراد زخمی ہو گئے

حج آپریشن فلائٹ شیڈول کا اعلان 15 مارچ کو متوقع

ایک لاکھ 80 ہزار عازمین کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہو گئیں

حج سکیم کے تحت ایک لاکھ 20 ہزار عازمین اور پرائیویٹ حج سکیم کے تحت 60 ہزار عازمین شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے حج 2026 کیلئے آپریشنل تیاریوں کو حتمی شکل دے دی ہے، جس کے تحت پروازوں کے حتمی شیڈول کا اعلان 15 مارچ 2026 تک متوقع ہے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی خصوصی ہدایت پر عازمین کی سہولت اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے تمام انتظامات تیز کر دیئے گئے۔ رواں سال مجموعی طور پر ایک لاکھ 80 ہزار پاکستانی فریضہ حج ادا کریں گے جن میں سرکاری حج سکیم کے تحت ایک لاکھ 20 ہزار عازمین اور پرائیویٹ حج سکیم کے تحت 60 ہزار عازمین شامل ہیں۔ وزارت مذہبی امور نے سرکاری سکیم کے تحت جانے والے ایک لاکھ 20 ہزار عازمین .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

رمضان پیکیج کا مقصد مستحقین کو مہنگائی سے نجات دلانا ہے' نسیم الرحمن ملاخیل

حکومت کی کوشش ہے کہ رمضان المبارک کے دوران کوئی بھی مستحق خاندان بنیادی اشیاء خوردونوش سے محروم نہ رہے' صوبائی مشیر ماحولیات

مختلف پروگرامز کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو وسعت دے رہے ہیں' راشن تقسیم کرنے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کے خصوصی رمضان پیکج کے تحت مستحق اور نادار خاندانوں کی معاونت کے سلسلے میں مستحقین میں راشن تقسیم کیا اس موقع پر بڑی تعداد میں مستحق افراد اور مقامی عمائدین بھی موجود تھے صوبائی مشیر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماہ رمضان المبارک رحمت، برکت اور ہمدردی کا مہینہ ہے، اور حکومت بلوچستان وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مستحق طبقے کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹرز و پیرامیڈیکس کے مطالبات جائز ہیں' پشتونخوامیپ

حکومت ڈاکٹرز کے مسائل حل کرنے میں سنجیدہ نہیں نہ ہی اسے غریب عوام کی فکر ہے' بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں ڈاکٹروں پر ناروا غیر آئینی اور غیر قانونی تشدد اور نام نہاد حکومتی ٹیم کے آنے پر گرفتار ڈاکٹروں کی رہائی کے بعد مذاکرات کو تعطل کا شکار بنانے اور اس طرح صوبے کے غریب لاچار مریضوں کے مصائب میں اضافہ کرنے کے ناروا اور دانستہ عمل پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مسلط ٹولے کی مکمل بے اختیاری کا کھلا مظہر قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ جونیئر ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس سٹاف کے جائز برحق مطالبات کیلئے احتجاج ان کا قانونی حق ہے لیکن حکومت اور اس جائز اور قانونی حق پر مسلسل کمیٹیاں .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل نے مسجد اقصیٰ میں جمعے کی نماز پر پابندی لگادی

مقبوضہ بیت المقدس (م ڈ) اسرائیل نے ایران کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر مقبوضہ بیت المقدس میں واقع مسجد اقصیٰ میں جمعے کی نماز ادا کرنے پر پابندی عائد کر دی۔ اسرائیلی سول ایڈمنسٹریشن کے سربراہ بریگیڈیئر جنرل ہشام ابراہیم نے اسرائیلی فوج کے پلیٹ فارم المنسق کے ذریعے اعلان کیا کہ ایران کی جانب سے اسرائیل اور خطے میں جوابی حملوں کے بعد سکیورٹی خدشات کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا ہے

بیجنگ، چینی نائب وزیر خارجہ میاؤ دیو کی ایرانی سفارتخانے آمد

بیجنگ (م ڈ) چین کے نائب وزیر خارجہ میاؤ دیو نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ چینی نائب وزیر خارجہ بیجنگ میں قائم ایرانی سفارت خانے گئے جہاں انہوں نے چینی حکومت اور عوام کی جانب سے ایرانی قیادت اور عوام سے تعزیت کی۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی شہید لیفٹیننٹ عصمت اللہ منگلزئی کے لواحقین سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پنجگور بسوں کی ہڑتال کے باعث مسافر کراچی میں پھنس گئے

کراچی ٹو کمران بس سروسز گزشتہ کئی دنوں سے مطالبات کے حق میں ہڑتال پر ہیں

پنجگور (این این آئی) پنجگور کراچی ٹو کمران مسافر بسوں کی ہڑتال کے باعث سینکڑوں اسٹوڈنٹس کراچی میں پھنسے ہوئے ہیں تفصیلات کے مطابق جن اسٹوڈنٹس کے والدین موسم سرما کی تعطیلات کے دوران کراچی گئے ہوئے تھے مسافر بسوں کی ہڑتال کی وجہ سے وہ کراچی میں پھنس گئے گزشتہ دنوں اس حوالے سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک ماں نے اس حوالے سے مطالبہ کیا تھا کہ اسٹوڈنٹس کراچی میں پھنس گئے ہیں تعلیمی سال شروع ہو چکا ہے واضح رہے کراچی ٹو کمران مسافر بس سروسز گزشتہ کئی دنوں سے مطالبات کے حق میں ہڑتال پر ہیں

پارلیمنٹ کو قومی مفادات کی ترجمانی کا ادارہ ہونا چاہیے' مولانا عبدالرحمان رفیق

مخصوص افراد اور طبقات کو بچانے کیلئے آئینی ترامیم کی جارہی ہیں' عین اللہ شمس

حکومتی پالیسیوں کے باعث آج عوامی مفادات کو پس پشت ڈالا جارہا ہے' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مرکزی مجلس فقہی کے سربراہ و ضلعی سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد، حاجی نعمت اللہ اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ موجودہ حالات کو .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد: داخلہ مہم سے متعلق میر واہ ہائی سکول سے طالبات کی ریلی نکالی جارہی ہے

گلگت' پرتشدد احتجاج میں ملوث ملزمان کیخلاف آرمی ایکٹ کے تحت کارروائی کا اعلان

گلگت (م ڈ) گلگت اور سکردو میں پیش آنے والے حالیہ واقعات میں املاک کو نقصان پہنچانے والے ملزمان کیخلاف آرمی ایکٹ کے تحت کارروائی ہوگی۔ گلگت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انسپکٹر جنرل پولیس ڈاکٹر اکبر ناصر نے کہا ہے کہ سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف انسداد دہشت گردی ایکٹ لگایا ہے۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ گلگت اور سکردو میں گزشتہ اتوار کو پیش آنے والے واقعات میں فوجی املاک کو نقصان پہنچانے والے ملزمان کیخلاف آرمی ایکٹ کے تحت کارروائی ہوگی

تربت، گاڑیوں اور موٹر سائیکل میں تصادم، خاتون جاں بحق

حادثے میں 3 افراد زخمی، لاش اور زخمی پنجگور اور تربت ہسپتال منتقل' مزید تفتیش جاری ہے

تربت (یو این اے) تربت کے علاقے ساحی کے مقام پر زمیاد گاڑی، پک اپ اور موٹر سائیکل کے درمیان ہونے والے خوفناک تصادم کے نتیجے میں ایک خاتون جاں بحق اور تین افراد زخمی ہو گئے ہیں پولیس کے مطابق جاں بحق خاتون کا تعلق پنجگور سے ہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں اور پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثہ اتنا شدید تھا کہ ایک خاتون موقع پر ہی دم توڑ گئی جبکہ تین افراد شدید زخمی ہوئے۔ زخمیوں میں سے ایک شخص اور خاتون کی میت کو پنجگور منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ دیگر دو زخمیوں کو طبی امداد کیلئے تربت ہسپتال لایا گیا ہے پولیس نے واقعہ کی رپورٹ درج کر کے حادثے کی وجوہات کا تعین کرنے کیلئے تحقیقات شروع کردی۔

شہداء کی غائبانہ نماز جنازہ' ایران کو تنہا نہیں چھوڑیں گے' جماعت اسلامی

سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای سمیت سینکڑوں بے گناہ معصوم شہریوں کو شہید کرنا قابل مذمت ہے' عبدالنعیم رند' علامہ ہاشم موسوی

اسرائیل کو مظلوم فلسطینیوں کے خون کا حساب دینا ہوگا' امریکہ کو ایران میں بھی شکست ہوگی' رہنماؤں کا مظاہرین سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام ضلعی صدر عبدالنعیم رند کی قیادت میں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے کیخلاف جمعہ کو باچا خان چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر امریکہ، اسرائیل کے خلاف اور ایران کی حمایت میں نعرے درج تھے مظاہرے کے اختتام پر سپریم لیڈر اور دیگر جاں بحق ہونے والوں کی غائبانہ نماز جنازہ بھی ادا کی گئی مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے کی شدید الفاظ میں .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ سے انکے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

مجلس وحدت مسلمین کی ریلی' مظاہرین کے امریکہ و اسرائیل مردہ باد کے نعرے

امریکہ، اسرائیل کی جارحیت قابل مذمت ٹرمپ نے ایران پر حملہ کرکے بے گناہ شہریوں سمیت آیت اللہ خامنہ ای کو شہید کیا' علامہ علی حسنین

ایران اپنی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہ ہی امریکہ واسرائیل کو گھناؤنے مقصد میں کامیاب ہونے دے گا' رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مجلس وحدت مسلمین کے زیر اہتمام صوبائی نائب صدر علامہ علی حسنین کی قیادت میں ایران کے سپریم لیڈر سمیت دیگر کی شہادت پر امریکہ، اسرائیل کے حملوں کے خلاف جمعہ کو امام بارگاہ کلاں سے ریلی نکالی گئی اور میکانگی روڈ پر مظاہرہ کیا گیا جس میں علامہ ہاشم موسوی، علامہ ولایت حسین جعفری، عمر خان اچکزئی سمیت دیگر بھی شریک تھے مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر سپریم لیڈر اور دیگر شہریوں کی شہادت اور امریکہ، اسرائیل کی جانب سے حملوں کے خلاف نعرے درج تھے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

میر اسرار اللہ زہری کا میاں نواز شریف کے نام کھلا خط

آپ کی جماعت کی جمہوری حکومت میں مجھے انتخاب میں حصہ لینے کی اجازت نہ مل سکی' خط کا متن

خضدار (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ زہری نے میاں نواز شریف کے نام کھلا خط میں کہا ہے کہ میاں نواز شریف السلام علیکم امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ ایک زمانہ تھا جب آپ کا نعرہ ووٹ کو عزت دو پورے ملک میں گونجتا تھا سیاسی کارکن اس بیانیے کو جمہوریت کی امید سمجھ کر بڑے فخر سے دہراتے تھے۔ مگر نہ جانے وقت کو کیا ہوا کہ حالات بدل گئے بیانیہ بھی کہیں گم ہو گیا اور آپ کی جماعت دوبارہ اقتدار میں آگئی۔ آپ کے جگری .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ ایکسائز کے افسران اور اہلکاروں کیلئے ڈرون ٹریننگ سیشن

جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے منشیات کیخلاف کارروائیوں کو موثر بنایا جارہا ہے' ڈی جی ناتھو

کوئٹہ (آن لائن) منشیات کی ناسور کے خلاف کارروائیوں کو موثر بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے کے لئے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے افسران اور اہلکاروں کے لیے اے این ایف ہیڈکوارٹر خالد ایئر بیس میں ڈرون ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا تربیتی پروگرام کا مقصد افسران و اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرتے .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ایران' اسرائیل اور امریکی جنگ خطے کیلئے ناقابل برداشت ہے' پشتونخوا میپ

پاکستان وافغانستان کی جنگ بندی کیلئے چین اور روس مثبت وتعمیری کردار ادا کریں' عبدالرحیم زیارتوال، عبدالقہار خان ودان

محکموں میں کرپشن، لوٹ مار، رشوت خوری عام' روک تھام کیلئے کوئی سنجیدہ اقدام نظر نہیں آرہا' عمر خان ترین

کارکن عیدالفطر کے چوتھے روز پشین میں جلسہ عام کی تیاری وعوامی رابطہ مہم کا آغاز کریں' ضلعی کمیٹی پشین کے اجلاس سے خطاب

پشین (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین ضلعی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے ضلعی سیکرٹریٹ میں ضلع صدر عمر خان ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کارکردگی رپورٹ پیش ہوئی جس پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں عید کے چوتھے دن کے جلسے کی تیاری کے لئے ضلع تحصیل، علاقہ اور ابتدائی یونٹوں کو جلسہ عام کی تیاریوں کی ذمہ داریاں سونپی گئی اجلاس سے پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

لیبارٹریز بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن یقینی بنائیں

پیتھالوجیکل، ریڈیالوجیکل' ڈائگناسٹک ٹیسٹس کی خدمات پر 2 فیصد سیلز ٹیکس عائد ہے' بی آر اے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) نے صوبے میں مریضوں کے پیتھالوجیکل، ریڈیالوجیکل اور دیگر ڈائگناسٹک ٹیسٹس انجام دینے والی لیبارٹریز کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ اتھارٹی کے ساتھ اپنی رجسٹریشن یقینی بنائیں اور ٹیکس قوانین کے مطابق اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ اتھارٹی کے مطابق بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو بھارت کی جانب سے آبی دہشتگردی کا سامنا ہے' عاصم افتخار

جہاں معدنی وسائل کمزور حکمرانی، غربت و بیرونی مداخلت سے جڑ جاتے وہاں عدم استحکام کے خطرات بڑھ جاتے ہیں

پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کو مسترد کرتے ہیں کیونکہ یہ زیریں ممالک کے لیے لائف لائن کو روکنے کے مترادف ہے

دنیا کے قدرتی وسائل کو اقتصادی ترقی اور مشترکہ خوشحالی کیلئے استعمال ہونا چاہیے، بھارت کی آبی دہشت گردی کو مسترد کرتے ہیں

اقوام متحدہ (م ڈ) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو بتایا ہے کہ دنیا کے قدرتی وسائل کو اقتصادی ترقی اور مشترکہ خوشحالی کیلئے استعمال ہونا چاہیے، نہ کہ دباؤ یا تنازع کا ذریعہ بننا چاہیے کیونکہ اہم معدنیات اب ڈیجیٹل معیشت اور توانائی کی منتقلی کو طاقت دینے والی ٹیکنالوجیز کی بنیاد بن چکی ہیں، بھارت کی طرف سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی بین الاقوامی قانون اور معاہدے کی شقوں کی .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ریلوے کے بیشتر ٹریکس کی عمر پوری، خستہ حال ہو چکے، حنیف عباسی

روہڑی سے تفتان تک مین لائن تھری کا 92 فیصد ٹریک زائد المیعاد ہو چکا، وفاقی وزیر ریلوے

خستہ حال ٹریکس پر حادثات کے خطرات کم کرنے کیلئے ٹرینوں کی رفتار پر پابندیاں عائد کی جاتی ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر ریلوے حنیف عباسی نے قومی اسمبلی میں پاکستان ریلوے کے ٹریکس کی خستہ حالی سے متعلق تحریری رپورٹ پیش کردی جس میں اعتراف کیا گیا ہے کہ پاکستان ریلوے کے بیشتر ٹریک اپنی عمر پوری کر چکے اور خستہ حالی کا شکار ہیں۔ وفاقی وزیر ریلوے کی تحریری رپورٹ کے مطابق پاکستان ریلوے کے پاس مجموعی طور .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں مہنگائی و ذخیرہ اندوزی عروج پر' روزہ دار پریشان

ریلیف پہنچانے کیلئے کریک ڈاؤن کیا جائے' عوامی حلقوں کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دار الحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں رمضان المبارک کا دوسرا عشرہ مکمل ہونے کو ہے لیکن انتظامیہ اور متعلقہ ادارے مہنگائی کو کنٹرول اور عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی عروج پر پہنچ چکی ہے تمام ضروری اشیاء غریب عوام کی دسترس سے باہر ہو چکی ہے واضح رہے کہ حکومت نے رمضان المبارک سے قبل یہ اعلان کیا ہے کہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف اور مہنگائی کو .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے رمضان ریلیف پیکج کے تحت راشن تقسیم

مجموعی طور پر 540 مستحق خاندانوں میں رمضان ریلیف پیکج شفاف انداز میں تقسیم

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق رمضان المبارک میں مستحق افراد کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے رمضان ریلیف پیکج کے تحت راشن کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز مجموعی طور پر 540 مستحق خاندانوں میں رمضان ریلیف پیکج تقسیم کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں یہ عمل شفاف اور منظم انداز میں مکمل کیا گیا تاکہ حقیقی حقداروں تک بروقت امداد پہنچائی جا سکے۔ .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور: تشدد زدہ لاش برآمد

پنجگور (این این آئی) پنجگور ایئرپورٹ روڈ سے تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی پولیس کے مطابق شناخت عبدالحلیم ولد محمد صادق کے نام سے ہوئی ہے جنہیں ایک ہفتہ قبل خدا آبادان سے نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر اغوا کیا تھا اسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش کو ورثا کے حوالے کیا گیا

لورالائی: اشتہاری ملزم گرفتار

لورالائی (این این آئی) سی آئی اے لورالائی کی کارروائی زرہ پولیس تھانہ کو قتل کیس میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار کرلیا ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی ریج جنید احمد شیخ کے احکامات پر ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد کے ہدایات پر ایس ڈی پی او کریم مندوخیل کے زیر نگرانی انچارج سی آئی اے لورالائی سب انسپکٹر محمد انور جاڑگزئی کے سربراہی میں سی آئی اے ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے پولیس تھانہ زرہ کو قتل کے مقدمہ فرد نمبر 17/024 بجرم 34302 میں مطلوب اشتہاری ملزم طور خیل ولد صاحب جان قوم کچ سی ساکن لورالائی کو گرفتار کرلیا

اے سی کچلاک حسام الدین گرانفروشوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

قلات' ضمنی انتخابات' ضلع بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ کا حکم جاری

اسلحہ کی نمائش، ڈبل سواری پانچ سے زائد افراد کے اکٹھے ہونے پر بھی مکمل پابندی

قلات (یو این اے) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے پی بی 36 قلات کے 7 پولنگ اسٹیشنز پر ہونے والے ضمنی انتخابات کے پیش نظر ضلع بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ کا باضابطہ حکم نامہ جاری کر دیا' حکومت بلوچستان کے محکمہ داخلہ کے احکامات کی روشنی میں نافذ کی گئی اس پابندی کا مقصد 10 مارچ کو ہونے والی ری پولنگ کے دوران امن و امان کو برقرار .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

عالم اسلام غم سے نڈھال' یہود و ہنود جشن منا رہے ہیں' جمعیت نظریاتی

ملک کو بدامنی' بیروزگاری جیسے چیلنجز کا سامنا' مسائل کا واحد حل اسلامی نظام کے نفاذ میں ہے' مولانا عبدالقادر لونی

امریکہ نے عالم اسلام کے امن' دفاع اور ترقی وخوشحالی کو تباہی سے دوچار کیا' مفتی شفیع الدین' مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مولانا سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مالیات صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان تکیال مولوی محمد قاسم مخلص صوبائی امیر پنجاب مولانا شاہ اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی پیر وحید اللہ باجوڑی و دیگر نے کہا کہ خطے میں ماہ رمضان .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی اخبار نے حملوں کے باوجود ایرانی حکومت کو مضبوط قرار دیدیا

واشنگٹن (م ڈ) امریکی اخبار کے مطابق امریکی اور اسرائیلی حملوں کے باوجود ایرانی حکومت مضبوط ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق امریکی و اسرائیلی کارروائیاں ایرانی حکومت کو کمزور نہ کرسکیں، ایران میں حکومت کے خلاف بغاوت کے آثار نہیں، ایرانی حکومتی عہدیداروں میں انحراف کی اطلاعات بھی نہیں۔

کوئٹہ پریس کلب میں پولیس کی مداخلت قابل گرفت ہے' پشتونخوامیپ

پشتونخوامیپ ملوث عناصر کے خلاف فوری کارروائی پر کا مطالبہ کرتی ہے' عیسیٰ روشان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں پولیس کی مداخلت اور پریس کلب کے تقدس کی پامالی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتونخوامیپ پولیس کی اس مجرمانہ اقدام کو قابل گرفت قرار دیتی ہے اور اس واقعے میں ملوث آفیسر و پولیس اہلکاروں کے خلاف فوری کارروائی پر زور دیتی .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

تمبو: ڈاکوؤں نے راہگیر سے چار لاکھ روپے، موٹر سائیکل اور فون چھین لئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے میں ویگی مسلح افراد نے چار لاکھ روپے نقدی موٹر سائیکل اور موبائل فون و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق پولیس تھانہ خانکوٹ کی حدود میرداد کے مقام پر مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر نجیب اللہ سے چار لاکھ روپے نقدی موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے واقعے کی بارے میں مزید پولیس نے تحقیقات شروع کردی

شکوہ کرکے کسی ادارے پر تنقید وقتی جذبات کا ردعمل ہوسکتا ہے' امان اللہ کنرانی

ہمیں دوسروں کی کھڑکی میں نہیں جھانکنا چاہیے' سابق صدر سپریم کورٹ بار

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے ایک بیان میں کہا ہے سوشل میڈیا کے ذریعے ہمارے ایک بار کے منتخب نمائندے کا بیان نظر سے گزرا جس کے متن سے اختلاف یا حمایت موضوع سخن نہیں البتہ یہ لاینحل معاملات آج کے نہیں ماضی سے چلے آتے ہیں جس ادارے پر تنقید کے تیر برسائے گئے ہیں یہ .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی نے اپنے دوسرے پارلیمانی سال میں نیا ریکارڈ قائم کردیا

کل 84 اجلاس بلائے گئے، پہلے سال میں 93 اجلاس ہوئے تھے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی نے اپنے دوسرے پارلیمانی سال میں نیا ریکارڈ قائم کردیا ہے۔ پلڈاٹ نے قومی اسمبلی کے دوسرے پارلیمانی سال سے متعلق ایک رپورٹ جاری کردی ہے جس میں بتایا گیا کہ اس سال قومی اسمبلی نے قانون سازی کا نیا ریکارڈ قائم ہوا ہے۔ پلڈاٹ کے مطابق موجودہ اسمبلی نے قانون سازی کے حوالے سے حالیہ برسوں کی تمام اسمبلیوں سے زیادہ کارکردگی دکھائی اور آرڈیننس پر انحصار بھی نسبتاً کم رہا۔ اراکین .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ حبیب الرحمن گمرانی گرلز بیٹی پنکس کی تقسیم کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی بلاتفریق عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے' میر لیاقت لہڑی

عوام کے مسائل کے حل میں کوتاہی وغفلت قبول نہیں' پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے، علاقے کی ترقی اور عوام کے مسائل کا حل ترجیحات میں شامل ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں عوام کے مسائل کے حل میں کسی بھی قسم کی کوتاہی قبول نہیں یہ بات انہوں نے جمعہ کو لہڑی ہاؤس کوئٹہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں، سیاسی و سماجی شخصیات سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وفود نے اپنے علاقوں میں درپیش مسائل خصوصاً سڑکوں کی مرمت، نکاسی آب سمیت دیگر بنیادی سہولیات کے حوالے سے آگاہ کیا پارلیمانی .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی ایف سی کی بینا مجید کے والد کی وفات پر تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) آئی جی ایف سی میجر جنرل بلال سرفراز خان نے جمعہ کو مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان بینا مجید بلوچ کی رہائش گاہ پر جاکر ان کے والد کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر مرحوم کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کو صبر وتحمل کی دعا کی گئی میجر جنرل بلال سرفراز خان نے کہا کہ اس دکھ کی گھڑی میں ہم مشیر بینا مجید بلوچ کے ساتھ ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

کوئٹہ: اسرہ فرگی میں چیک ڈیم پر لوگ قالین کی دھو رہے ہیں

سیاسی کارکنوں واساتذہ کا قتل جمہوری عمل پر حملہ ہے' نیشنل پارٹی

سیاسی کارکنوں واساتذہ کو نشانہ بنانا صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے نقصان دہ ثابت ہوگا' میر رحمت صالح بلوچ

ثناء اللہ سنزل اور لیکچرار دلاور بلوچ کا بہیمانہ قتل قابل مذمت' نیشنل پارٹی متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہے' مذمتی بیان

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے نیشنل پارٹی کولواہ کے ڈپٹی یونٹ سیکرٹری ثناء اللہ سنزل اور خاران میں جامعہ بلوچستان کیمپس کے لیکچرار دلاور بلوچ کے بہیمانہ قتل کے واقعات پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صوبے کے امن و استحکام کیلئے انتہائی تشویشناک قرار دیا ہے انہوں نے اس حملے میں نبیل بلوچ کے زخمی ہونے پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اپنے ایک جاری کردہ مذمتی بیان میں میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ ثناء اللہ سنزل ایک متحرک اور .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو توانائی کے شعبے میں سنجیدہ چیلنج کا سامنا ہے' محمد عبدالقادر

ایران پر حملوں کی وجہ سے خلیج میں صورتحال انتہائی کشیدہ ہو چکی ہے' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان کو اس وقت توانائی کے شعبے میں ایک نئے اور سنجیدہ چیلنج کا سامنا ہے کیونکہ امریکہ اور اسرائیل کے ایران پر حملوں کی وجہ سے خلیج میں صورتحال انتہائی کشیدہ ہو چکی ہے قطر نے گیس کی پیداواری پلانٹس کو بند کردیا گیا ہے ان حالات سے قطر سے گیس کی فراہمی معطل ہونے کا شدید خدشہ ہے جس کے باعث ملک میں گیس کی قلت مزید شدت اختیار کر سکتی ہے یہ صورتحال برقرار رہتی ہے تو صنعتی پیداوار، بجلی کی پیداوار اور گھریلو صارفین سبھی متاثر ہونگے پاکستان پہلے ہی گیس کی قلت کے مسئلے سے دوچار ہے سردیوں کے موسم میں گھریلو صارفین کو گیس کی کمی .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

چاغی' سیاہ جنگل میں 50 ایکڑ رقبے پر کاشت افیون کی فصل تلف

کارروائی کے دوران محکمہ ایکسائز کی ٹیم نے غیر قانونی پوپی کی کاشت کی نشاندہی کرتے ہوئے اسے مکمل طور پر تلف کردیا

آپریشن میں اینٹی نارکوٹکس فورس، کسٹم اور پولیس نے بھی معاونت فراہم کی، اسسٹنٹ کمشنر چاغی بھی موقع پر موجود تھے

چاغی (خ ن) محکمہ ایکسائز کی ٹیم نے ضلع چاغی کے علاقے سیاہ جنگل میں منشیات کے خلاف بڑی اور موثر کارروائی کرتے ہوئے 50 ایکڑ رقبے پر کاشت کی گئی افیون کی فصل کو تلف کر دیا۔ آپریشن میں محکمہ ایکسائز نے مرکزی اور فیصلہ کن کردار ادا کیا۔ کارروائی کے دوران محکمہ ایکسائز کی ٹیم نے علاقے میں موجود غیر قانونی پوپی کی کاشت کی نشاندہی کرتے ہوئے اسے مکمل طور پر تلف کردیا۔ آپریشن میں اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف)، کسٹم اور پولیس نے بھی معاونت فراہم کی جبکہ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چاغی موجود تھے جنہوں نے .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر